مکّہ

و

مدینہ

نام کتاب	:	مکّہ ومدینہ
ناشر	:	الصراط ٹورس
تعداد	:	۵۰۰
سنہ طباعت	:	اگست ۲۰۰۵ء
پتہ	:	حضرت عباس اسٹریٹ، ڈونگری، ممبئی-۹۔

Presented by www.ziaraat.com

فہرست

۱۔	مدینہ منورہ کے اماکن متبرکہ اور مساجد	۱۳
۞	(۱) مسجد النبیؐ	۱۳
۞	مسجد کی مقدّس و اہم جگہیں	۱۳
۞	(۲) قبرستان بقیع	۱۵
۞	(۳) مسجد قُبا	۱۵
۞	(۴) اُمّ ابراہیم کا مشربہ اور مسجد فضیخ یا ردّ شمس	۱۵
۞	(۵) مسجد المائۃ	۱۵
۞	(۶) قبرستانِ اُحُد	۱۶
۞	(۷) مسجد العسکر اور مسجد ثنایا رسول اللہؐ	۱۶
۞	(۸) مساجد سبعہ	۱۶
۞	(۹) مسجد ذوالقبلتین	۱۷
۞	(۱۰) مسجد عمامہ یا مصلی النبیؐ	۱۷
۞	(۱۱) مسجد حضرت علیؑ و مسجد حضرت زہراؑ	۱۷

۞	(۱۲) مسجد مباہلہ	۱۷
۞	(۱۳) مسجد شجرہ	۱۷
۞	(۱۴) مسجد معرّس	۱۸
۞	(۱۵) محلّہ بنی ہاشم	۱۸
۞	(۱۶) چند مساجد اور بھی ہیں	۱۸
۲۔	مدینۂ منوّرہ اور مسجد نبویؐ کے مستحبات	۱۹
۳۔	مسجد قُبا	۲۲
۞	اعمالِ مسجد قبا	۲۴
۴۔	مسجد ذوقبلتین	۲۵
۵۔	مسجد فتح (مسجد احزاب)	۲۸
۶۔	مسجد اجابہ میں دعا	۲۹
۷۔	مدینہ منوّرہ کے اعمال	۳۱
۸۔	رسولؐ، فاطمہؑ اور ائمہؑ بقیع کی زیارت کی فضیلت	۳۱
۞	زیارت کے لئے اذنِ باریابی	۳۵
۹۔	رسول اکرمؐ کی پہلی زیارت	۳۸

Presented by www.ziaraat.com

۞	نماز زیارت اور اس کے بعد کی دعا	۴۳
۱۰۔	رسول اکرمؐ کی دوسری زیارت	۴۴
۱۱۔	مسجد نبویؐ کے بعض مستحبات	۵۸
۱۲۔	روضۂ مبارکہ مسجد میں دعا	۵۸
۞	ستون توبہ کے پاس نماز و دعا	۶۱
۞	مسجد نبویؐ و مدینۂ منورہ میں روزہ رکھنا مستحب ہے	۶۲
۞	مقام جبرئیلؑ کے پاس نماز و دعا	۶۳
۱۳۔	جنت البقیع قبرستان	۶۸
۞	جنت البقیع کی تاریخ	۶۹
۞	جنت البقیع : مورخین کی نظر میں	۷۰
۞	جنت البقیع کا پہلا انہدام	۷۲
۞	وہابیوں کا دوسرا حملہ	۷۴
۞	ہندوستانی مسلمانوں کی طرف سے احتجاج	۷۶
۞	دیگر ممالک میں احتجاج	۷۷
۞	چند دیگر منہدم قبور و روضوں کی فہرست	۷۸

۱۴۔	زیارت حضرت فاطمہ زہراؑ	۷۹
۞	حضرت فاطمہ علیہا السلام کی پہلی زیارت	۸۰
۞	حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی دوسری زیارت	۸۷
۞	جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پر صلوات	۸۸
۱۵۔	زیارت ائمہ بقیع علیہم السلام	۸۹
۞	زیارت امام حسنِ مجتبیٰ علیہ السلام	۹۴
۞	زیارت امام زین العابدین علیہ السلام	۹۵
۞	زیارت امام محمد باقر علیہ السلام	۹۷
۞	زیارتِ امام جعفر صادق علیہ السلام	۹۹
۞	صلوات امام حسن بن علی المجتبیٰ علیہ السلام	۱۰۰
۞	صلوات امام زین العابدین علیہ السلام	۱۰۱
۞	صلوات امام محمد باقر علیہ السلام	۱۰۲
۞	صلوات امام جعفر صادق علیہ السلام	۱۰۳
۞	زیارت عباس بن عبدالمطلبؑ	۱۰۳
۞	زیارت فاطمہ بنت اسد علیہا السلام	۱۰۴

Presented by www.ziaraat.com

۞	زیارت ازواجِ رسولؐ	۱۰۷
۞	زیارت جناب عقیل و جناب عبداللہ بن جعفر طیّار	۱۰۷
۞	زیارت ابراہیم بن رسول اللہؐ	۱۰۹
۞	بقیع میں اُحد اور واقعہ حرّہ کے شہیدوں کی زیارت	۱۱۲
۞	زیارتِ اسمٰعیل بن جعفر صادقؑ	۱۱۳
۞	زیارتِ حلیمہ سعدیہؓ	۱۱۵
۞	رسول اکرمؐ کی پھوپھیوں کی زیارت	۱۱۶
۞	زیارتِ امّ البنینؑ - والدہ حضرت عباسؑ	۱۱۷
۞	زیارت اہل قبور	۱۱۸
۞	رسولؐ کے والد حضرت عبداللہؑ کی زیارت	۱۱۹
۞	حضرت حمزہؓ اور دیگر شہداء اُحد کی زیارت کی فضیلت	۱۲۰
۞	شہداء اُحد کی زیارت	۱۲۵
۞	زیارتِ وداع رسولِ اکرمؐ	۱۲۸
۞	زیارت وداعِ ائمہ بقیع علیہم السلام	۱۳۲
۱۶۔	مکہ مکرّمہ کے متبرک اماکن	۱۳۳

۞	حدود حرم	۱۳۳
۞	شہر مکّہ کی بعض مساجد	۱۳۴
۞	۱۔ مسجد الجن	۱۳۴
۞	۲۔ مسجد الرایہ	۱۳۴
۱۷۔	مسجد الحرام اور خصوصیات کعبہ	۱۳۵
۞	ارکانِ کعبہ	۱۳۶
۞	رکن مشرقی	۱۳۶
۞	رکن غربی	۱۳۶
۞	رکن جنوبی	۱۳۶
۞	حجر اسود	۱۳۷
۞	ملتزم	۱۳۷
۞	مستجار	۱۳۷
۞	ناودانِ رحمت	۱۳۷
۞	حطیم	۱۳۷
۞	حجر اسماعیل	۱۳۸

Presented by www.ziaraat.com

	مقام ابراہیم علیہ السلام	۱۳۹
	زمزم	۱۳۹
	صفاومروہ	۱۴۰
	شق القمراور کوہِ ابوقبیس پر دعا	۱۴۰
	حضرتِ خدیجہ علیہا السلام کا گھر	۱۴۲
	ارقم بن ابی ارقم کا گھر	۱۴۳
	شعبِ ابی طالب	۱۴۳
	رسول اکرمؐ کی جائے ولادت	۱۴۴
	غارِحراء	۱۴۵
	غارثور	۱۴۵
	عرفات	۱۴۶
	مزدلفہ (مشعرالحرام)	۱۴۷
	منیٰ	۱۴۷
	مسجد خیف	۱۴۸
۱۸۔	اعمال وآدابِ مکّہ مکرّمہ	۱۴۹

	حج اسلام کی نظر میں	۱۴۹
	حج میں دعا پر توجہ	۱۵۱
۱۹۔	مکہ مکرّمہ کے اعمال ومستحبات	۱۵۶
۲۰۔	اعمال وآدابِ حج	۱۵۸
	عمرۂ تمتّع کے واجبات	۱۵۸
	عمرہ مفردہ کے واجبات	۱۵۹
۲۱۔	مکّہ مکرّمہ جانے والے کا میقات	۱۵۹
۲۲۔	واجباتِ احرام	۱۶۰
۲۳۔	مستحباتِ احرام	۱۶۲
۲۴۔	محرّماتِ احرام	۱۶۴
۲۵۔	حرم میں داخل ہونے کے مستحبات	۱۶۶
۲۶۔	مستحبات طواف	۱۷۳
	اشواطِ طواف کی دعا	۱۷۶
	پہلے چکّر کی دعا	۱۷۷
	دوسرے چکّر کی دعا	۱۷۷

Presented by www.ziaraat.com

۞	تیسرے چکّر کی دعا	۱۷۸
۞	چوتھے چکر کی دعا	۱۷۹
۞	پانچویں چکّر کی دعا	۱۷۹
۞	چھٹے چکّر کی دعا	۱۸۰
۞	ساتویں چکّر کی دعا	۱۸۰
۲۷۔	نمازِ طواف کے مستحبات	۱۸۱
۲۸۔	سعی کے مستحبات	۱۸۳
۲۹۔	عمرہ کی تقصیر کے آداب	۱۹۰
۳۰۔	حج کی قسمیں	۱۹۱
۞	۱۔ حج تمتّع	۱۹۱
۞	۲۔ حج افراد	۱۹۱
۞	۳۔ حج قِران	۱۹۱
۳۱۔	حج تمتّع کے واجبات	۱۹۲
۳۲۔	عرفات میں وقوف تک احرام حج کے مستحبات	۱۹۳
۳۳۔	شبِ عرفہ کے مستحبات اور اعمال	۱۹۵

۞	دعائے شب عرفہ	۱۹۵
۳۴۔	عرفات میں وقوف کے مستحبات	۲۰۹
۞	عرفات میں وقوف کی دعائیں	۲۰۹
۳۵۔	دعائے امام حسین بروزِ عرفہ	۲۱۵
۳۶۔	دعائے امام زین العابدینؑ بروز عرفہ	۲۴۷
۳۷۔	عرفہ کے دن امام حسینؑ کی زیارت	۲۷۰
۳۸۔	مشعر الحرام میں وقوف کے مستحبات	۲۸۳
۳۹۔	رمئ جمرات کے مستحبات	۲۸۵
۴۰۔	آداب قربانی	۲۸۷
۴۱۔	سرمنڈانے اور تقصیر کے مستحبات	۲۸۹
۴۲۔	منٰی کے مستحبات	۲۸۹
۴۳۔	مسجد خیف کے مستحبات	۲۹۰
۴۴۔	مکہ معظّمہ سے واپسی کے مستحبات	۲۹۱
۴۵۔	طوافِ وداع	۲۹۲
۴۶۔	کعبہ میں داخل ہونے کے مستحبات	۲۹۴

Presented by www.ziaraat.com

۴۷۔	مکہ مکرّمہ کے مزارات کی زیارت	۳۰۲
✿	مکہ مکرّمہ کے مزاروں کے بارے میں مختصر وضاحت	۳۰۲
✿	قبرستان ابوطالب	۳۰۲
✿	رسول اکرمؐ کے جد حضرت عبد مناف کی زیارت	۳۰۲
✿	پیغمبر اکرمؐ کے جدّ عبد المطلبؑ کی زیارت	۳۰۴
✿	رسول اکرمؐ کے چچا اور امیر المؤمنینؑ کے والد حضرت ابوطالبؑ کی زیارت	۳۰۶
✿	رسول اکرمؐ کی والدہ آمنہ بنتِ وہب کی زیارت	۳۰۶
✿	ام المؤمنین حضرت خدیجہ خویلد علیہا السلام کی زیارت	۳۰۷
✿	قبرستانِ ابوطالبؑ میں فرزند رسول اکرمؐ حضرت قاسمؑ کی زیارت	۳۰۸
✿	شہداء فخ کے مزار	۳۰۹
✿	حجر اسماعیل	۳۱۰
✿	حجر اسماعیل میں زیارت حضرت اسماعیلؑ و ہاجرہؑ	۳۱۱

✿	حجر اسماعیل میں تمام انبیاء کی زیارت	۳۱۳
۴۸۔	مکہ اور مدینہ کے درمیان اماکن مقدّسہ	۳۱۵
✿	مسجد غدیر خم	۳۱۶
✿	حضرت آمنہؑ ابواء میں	۳۱۶
✿	ربذہ میں جناب ابوذر غفاریؓ کی زیارت	۳۱۶
۴۹۔	شہداء بدر کی زیارت	۳۱۸
۵۰۔	اعمال ذی الحجہ (دس دن کے اعمال)	۳۲۰
✿	ذی الحجہ کی ساتویں	۳۲۷
✿	آٹھویں کا دن	۳۲۷
✿	نویں شب	۳۲۷
✿	نویں کا دن	۳۲۷
✿	دسویں کی شب	۳۲۸
✿	دسویں کا دن	۳۲۹
۵۱۔	اعمال عید غدیر، ۱۸ ذی الحجہ	۳۲۹
۵۱۔	روز مباہلہ، ۲۴ ذی الحجہ	۳۳۹

Presented by www.ziaraat.com

مدینہ منورہ کے اماکن متبرکہ اور مساجد

مدینہ منورہ میں اسلامی آثار وعمارات اتنی زیادہ ہیں کہ اُن کی وضاحت و خصوصیات کے لئے ایک مستقل کتاب کی ضرورت ہے۔ اس لئے ہم کتاب ادعیہ وزیارات پر اکتفا کرتے ہیں اور اماکن کے تعارف سے چشم پوشی کرتے ہیں لیکن اِن میں سے بعض کے اسماء ومستحبات کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

(۱) مسجد النّبیؐ

یہ مسجد رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صدرِ اسلام کے مسلمانوں کے تعاون سے تعمیر ہوئی۔ آنحضرتؐ کے زمانہ میں اِس کا رقبہ شمال سے جنوب کی طرف ۳۵/میٹر اور مشرق سے مغرب کی سمت ۳۰/میٹر تھا۔ اِس کی عمارت میں خرمے کے دس ستون لگے تھے۔ ہجرت کے ساتویں سال فتح خیبر کے بعد رسولؐ نے اِس کی توسیع کی۔

مسجد کی مقدّس واہم جگہیں

الف۔ حجرۂ مطہرہ: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حجرہ مطہرّہ طول میں ۱۶ اور عرض میں ۱۵ میٹر ہے۔ اس پر ایک گنبد ہے جسے 'قبۃ الخضراء' کہتے

ہیں۔

ب۔ منبر رسولؐ: ۵ ہجری میں رسول اکرمؐ کے لئے تین زینوں کا ایک منبر بنایا گیا۔ رسولؐ تیسرے زینہ پر تشریف فرما ہوتے اور لوگوں سے خطاب کرتے تھے۔

ج۔ محراب: رسول اکرمؐ اور خلفاء کے زمانہ میں مسجد النبیؐ میں محراب نہیں تھی، عمر بن عبدالعزیز کے زمانہ میں رسولؐ کے مصلّی کی جگہ محراب بنائی گئی جو اَب محراب النبیؐ کے نام سے مشہور ہے۔

د۔ روضۂ منوّرہ

ھ۔ مسجد کے وہ ستون جو کہ توبہ یا ابولبابہ، حنّانہ، مہاجرین، سریر اور مخلّقہ کے نام سے مشہور ہیں۔

و۔ مقام جبرئیل

ز۔ مقام اصحاب صفّہ

ح۔ محراب تہجّد

ط۔ خانۂ حضرت فاطمہ علیہا السلام

Presented by www.ziaraat.com

(۲) قبرستان بقیع

اس قبرستان میں چار معصوم امام، یعنی امام حسن علیہ السلام، امام زین العابدین علیہ السلام، امام محمد باقر علیہ السلام، امام جعفر صادق علیہ السلام اور بہت سے صحابہ، رسولؐ کی ازواج، آپؐ کے بیٹے ابراہیم اور اسلام کے بہت سے بافضیلت مرد وعورت دفن ہیں۔

(۳) مسجد قُبا

سب سے پہلی مسجد جو تقوے کی اساس پر رسولؐ کے دست مبارک سے مدینہ میں تعمیر ہوئی وہ مسجد قُبا ہے۔

(۴) اُمّ ابراہیم کا مشربہ اور مسجد فضیخ یا ردّ شمس

یہ بھی مسجد قبا کے نزدیک ہے۔

(۵) مسجد المائۃ

مسجد قبا سے مدینہ کے راستہ پر ہے۔

(۶) قبرستانِ اُحد

یہاں سید الشہداء جناب حمزہؑ اور جنگ اُحد میں شہید ہونے والے دیگر شہداء مدفون ہیں۔

(۷) مسجد العسکر اور مسجد ثنایا رسول اللہؐ

یہ بھی اُحد ہی میں ہے۔

(۸) مساجد سبعہ

یہ مسجدیں اُس جگہ تعمیر کی گئی ہیں جہاں جنگ احزاب (خندق) ہوئی تھی اُن کے اسماء یہ ہیں۔

۱۔ مسجد فتح ۲۔ مسجد علیؑ

۳۔ مسجد سلمانؓ ۴۔ مسجد فاطمہؑ

۵۔ مسجد ابوبکر ۶۔ مسجد عمر

Presented by www.ziaraat.com

(۹) مسجد ذوالقبلتین

قبلہ اِسی مسجد میں تبدیل ہوا تھا۔ مسلمان پہلے مسجد اقصیٰ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے تھے۔ اب اُن کا فریضہ ہے کہ وہ کعبہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھیں۔

(۱۰) مسجد عمامہ یا مصلی النبیؐ

(۱۱) مسجد حضرت علیؑ و مسجد حضرت زہراؑ

یہ دونوں مناخہ میں ایک دوسرے سے نزدیک ہیں۔

(۱۲) مسجد مباہلہ

جہاں یہ مسجد ہے وہاں رسول اکرمؐ — علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ اور حسینؑ کے ساتھ — نصاریٰ نجران سے مباہلہ کے لئے آئے تھے۔

(۱۳) مسجد شجرہ

یہ اہل مدینہ اور ان لوگوں کا میقات ہے جو مدینہ سے بیت اللہ الحرام کے

حج و زیارات کے لئے جاتے ہیں۔

(۱۴) مسجد معرّس

اس مسجد میں نماز پڑھنے اور استراحت و آرام کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

(۱۵) محلّہ بنی ہاشم

اس جگہ امام زین العابدین علیہ السلام، امام صادق علیہ السلام اور ذرّیت رسولؐ کے گھر تھے۔ جو حرم کی توسیع کی بنا پر منہدم کر دیئے گئے۔

(۱۶) چند مساجد اور بھی ہیں

جیسے: مسجد ابوذرؓ، مسجد نفسِ زکیہ، مسجد ظفر، مسجد سُقیا، مسجد مسجد، مسجد غزالہ یا مسجد منصرف، مسجد بنی سالم، مسجد بنی قریظہ اور مسجد الرایۃ وغیرہ۔

مستحب ہے کہ اِن تمام مساجد میں دو رکعت نماز تحیت پڑھے، اپنے اور دوسروں کے لئے دعا کرے۔ اِن اماکن میں سے بعض کے مخصوص اعمال و مستحبات ہیں، جنھیں ہم اختصار کے ساتھ بیان کر رہے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

مدینۂ منوّرہ اور مسجد نبویؐ کے مستحبات

۱۔ مدینہ منوّرہ و مسجد نبویؐ میں داخل ہونے اور ائمہ بقیعؑ کی زیارت کے لئے غسل کرنا۔ ایک ہی غسل میں سب کی نیت کر سکتا ہے۔

۲۔ مدینہ منوّرہ میں قیام: صاحب جواہر کہتے ہیں کہ مدینۂ منورہ کی سکونت و مجاورت کے استحباب میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اس بات پر شہیدؒ نے دروس میں اجماع کا دعویٰ کیا ہے۔

سمہودی نے مالک بن انس — مالکیوں کے امام — سے نقل کیا ہے کہ اُن سے پوچھا گیا: آپ کے نزدیک مدینہ میں سکونت بہتر ہے یا مکہ میں؟ انہوں نے کہا: مدینہ، اور مدینہ کیوں زیادہ محبوب نہ ہو کہ وہاں کوئی ایسا راستہ نہیں ہے جس سے رسولؐ نہ گذرے ہوں اور جبرئیل نازل نہ ہوئے ہوں۔

۳۔ مستحب ہے کہ انسان حاجت برآری کے قصد سے مدینۂ منوّرہ میں تین روزے رکھے، بہتر ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھے، نیز مستحب ہے کہ بدھ کی رات میں ستون ابولبابہ کے نزدیک اور

جمعرات میں اُس کے مقابل والے ستون کے قریب نماز پڑھے اور جمعہ کی شب اور دن میں محرابِ رسولؐ سے قریب والے ستون کے پاس نماز پڑھے اور پروردگار عالم سے اپنی حاجتیں طلب کرے اور رسولؐ کی زیارت کے بعد نقل ہونے والی دعا پڑھے۔

۴۔ مستحب ہے کہ مدینہ میں قیام کے دوران ایک سے زیادہ قرآن ختم کرے، خصوصاً مسجد نبویؐ میں قرآن پڑھے۔

۵۔ اپنی استطاعت کے مطابق مسجد نبویؐ میں صدقہ دینا مستحب ہے۔ مرحوم مجلسیؒ نے روایت کی ہے کہ مدینہ میں ایک درہم صدقہ دینا دوسری جگہ ہزار درہم صدقہ دینے کے برابر ہے۔ بنابر ایں برادرانِ دینی — خصوصًا سادات اور ذریّت رسولؐ — کی مدد کرنے میں کوتاہی نہیں کرنا چاہیئے۔

۶۔ اپنے چال چلن میں محتاط رہے، وقت کو غنیمت سمجھے اور جہاں تک ہو سکے نماز پڑھے، خصوصًا مسجد نبویؐ میں نماز پڑھے کہ مسجد نبویؐ میں ایک رکعت نماز مسجد الحرام کے علاوہ دیگر مساجد کی ہزار رکعتوں کے برابر ہے اور نماز بجالانے کے لئے بہترین جگہ روضۂ رسولؐ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

۷۔ مسجد میں داخل ہوتے اور نکلتے وقت درود بھیجے۔

۸۔ مسجد میں داخل ہوتے ہی دو رکعت نماز تحیّت بجالائے۔

۹۔ والدین برادرانِ ایمانی اور آشنا افراد کی طرف سے رسولؐ کی زیارت پڑھے۔

۱۰۔ زیارت کے بعد جیسا کہ پہلے بھی بیان کیا جا چکا ہے۔ دو رکعت نمازِ زیارت بجالائے اور اُس کا ثواب رسولؐ کو ہدیہ کرے۔

۱۱۔ رسولؐ کے مرقدِ مطہر کے پاس کھڑے ہو کر خدا کی حمد و ثنا اور دعا کرے۔

۱۲۔ مقام جبرئیلؑ پر نماز پڑھے اور دعا مانگے۔

۱۳۔ جہاں تک ممکن ہو محرابِ رسولؐ میں نماز پڑھے۔

۱۴۔ مسجد میں آواز بلند نہیں کرنا چاہئیے۔

۱۵۔ ستون ابولبابہ کے پاس دو رکعت نماز پڑھے اور دعا مانگے۔

۱۶۔ رسول اکرمؐ کے روضۂ مبارک میں اور اسی طرح خانۂ فاطمۂ زہرا سلام اللہ علیہا میں نماز پڑھنا اور دعا کرنا مستحب ہے، اور اگر مذکورہ جگہوں پر گنجائش نہ ہو تو اُن سے قریب ترین جگہ پر نماز و دعا پڑھے۔

مسجد قُبا

رسول اکرمؐ نے بروز دوشنبہ ۱۲/ربیع الاوّل کو مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی اثنائے راہ میں قُبا گاؤں میں — جو کہ مدینہ کے جنوب میں ۵ کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے — داخل ہوئے اور جمعہ تک وہیں قیام کیا، تاکہ اس مدت میں حضرت علی علیہ السلام مکہ میں لوگوں تک وہ امانتیں پہنچا دیں جو کہ رسول اکرمؐ کے پاس تھیں اور دیگر امور کی انجام دہی کے بعد رسولؐ کے اہل وعیال کے ہمراہ آپؐ سے ملحق ہو جائیں اور دوسری طرف اہل مدینہ بھی رسولؐ کے استقبال کے لئے تیار ہو جائیں۔ آنحضرتؐ نے اِس چار دن کے قیام میں مسلمانوں کے تعاون سے ایک مسجد تعمیر کی، اس کی زمین قُبا والوں نے ہدیہ کی۔ رسول اکرمؐ نے اپنے نیزہ کی نوک سے اُس کے حدود معین کئے۔ کہتے ہیں: اس کا ہر ضلع ۶۶ گز تھا۔

اِس مسجد کے بنانے میں دیگر لوگوں کی طرح رسولؐ بھی شریک تھے، پتھر وغیرہ اٹھا کر لاتے اور سب کے برابر کام کرتے تھے۔ بعض لوگ کہتے ہے کہ آپؐ ایک طرف تشریف رکھئے، ہمیں حکم دیتے رہیئے، فرماتے تھے:

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ یَعْمُرُ الْمَسَاجِدَا

یَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ قَائِمًا وَ قَاعِدًا

Presented by www.ziaraat.com

جو مسجد تعمیر کرتا ہے اور قیام وقعود کے ساتھ اس میں قرآن پڑھتا ہے وہ کامیاب ہے۔

سورۂ توبہ کی ۱۰۸ ویں آیت اسی مسجد کے بارے میں نازل ہوئی ہے:

لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ، فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَتَطَهَّرُوْا وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ۔

مسجد قُبا کی بار ہا تجدید وتوسیع ہوئی ہے، کہ مسلمانوں کی نظر میں اس کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔ ہر دوشنبہ کو رسول خداؐ مسجد قُبا تشریف لے جاتے اور نماز بجالاتے تھے۔ آپؐ ہی سے منقول ہے

جو شخص اپنے گھر سے وضو کر کے مسجد قُبا جائے اور دو رکعت نماز بجا لائے اُس کے لئے ایک عمرہ کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

نیز امام صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے:

اطرافِ مدینہ کی مساجد اور مشاہد میں جاؤ تو پہلے مسجد قُبا جاؤ اور جہاں تک ہو سکے وہاں نماز پڑھو۔

اعمالِ مسجد قبا

داخل ہو کر دو رکعت نمازِ تحیت بجالائے۔ پھر تسبیح فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پڑھے۔ اور زیارتِ جامعہ پڑھے اس کے بعد دعا مانگے، بہتر ہے کہ اس طرح دعا مانگے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَ قَوْلُكَ الْحَقُّ فِي كِتَابِكَ الْمُنْزَلِ عَلٰى صَدْرِ نَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ: 'لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ، فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَتَطَهَّرُوْا وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ' اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قُلُوْبَنَا مِنَ النِّفَاقِ وَ اَعْمَالَنَا مِنَ الرِّيَا وَ فُرُوْجَنَا مِنَ الزِّنَا وَ اَلْسِنَتَنَا مِنَ الْكِذْبِ وَ الْغِيْبَةِ وَ اَعْيُنَنَا مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَ مَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَ اِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ۔

اس مسجد کے پیچھے حضرت علی علیہ السلام کی ایک منزل تھی اور سامنے کھارا

Presented by www.ziaraat.com

پانی کا ایک کنواں تھا۔ آج اُس کا کہیں نام ونشان نہیں ہے۔

کہتے ہیں کہ اِس کنویں میں رسولؐ کی انگوٹھی گر پڑی تھی، اِس لئے اسے 'چاہ انگشتر' کہتے ہیں۔ نیز 'چاہ آبِ دھان' کے نام سے مشہور ہے۔ منقول ہے کہ آپؐ نے اِس کنویں میں اپنا لعاب دہن ڈال دیا تھا جس سے اُس کا پانی میٹھا ہوگیا تھا۔

قابل توجّہ بات یہ ہے کہ ۹ ہجری میں منافقین کے ایک گروہ نے ایک مسجد تعمیر کی تا کہ اُس میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازش کرسکیں۔ رسولؐ سے اُس کا افتتاح کرنے اور تبرّک کے طور پر اُس میں نماز پڑھنے کی درخواست کی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کسی مناسب موقع پر یہ کام انجام دوں گا۔ لیکن آیت...... وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَ كُفْرًا...... کے نزول سے منافقین کے منصوبہ پر پانی پھر گیا اور رسولؐ نے اُس کے منہدم کرنے کا حکم دیدیا۔

مسجد ذو قبلتین

۱ ہجری کے چھٹے مہینے میں ام بشر کی دعوت پر رسولؐ مدینہ کے شمال غربی میں قبیلہ بنی سالم میں تشریف لے گئے اور حسب معمول ظہر کی دو رکعت نماز بیت

المقدس کی جانب رخ کر کے ادا کی، کہ خدا کی طرف سے کعبہ کی طرف رخ کرنے کا حکم پہنچا تو آپؐ نے باقی نماز کعبہ کی سمت رخ کر کے ادا کی۔ اُس کے بعد کعبہ ہمیشہ کے لئے مسلمانوں کا قبلہ ہوگیا اور اِسی بنا پر اِس مسجد کو ذو قبلتین یا مسجد قبلتین کہتے ہیں۔ یہ مسجد، مسجدِ فتح کے مغربی سمت میں کچھ دور پر واقع ہے۔

اس سلسلہ میں جو آیات نازل ہوئی ہیں اُن میں سے ایک آیہ:

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰيهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ حَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهٗ...... ۔

اے رسولؐ ہم آپؐ کی نگاہیں آسمان کی طرف دیکھ رہے ہیں— کہ قبلہ کی تعیین کے سلسلہ میں حکم کے منتظر ہیں— اب ہم آپ کو اِس قبلہ کی طرف موڑ دیتے ہیں کہ جسے آپ پسند کرتے ہیں۔ آپ اپنا رخ مسجد الحرام کی طرف موڑ لیجئے! جہاں بھی رہیئے اِسی کی طرف رخ کیجئے......

اس مسجد میں پہلے ایک دوسرے کے بالمقابل دو محراب — شمالی وجنوبی — ایک کعبہ کی طرف دوسری بیت المقدس کی جانب تھی لیکن افسوس کہ چند سال

Presented by www.ziaraat.com

قبل جب اِس کی توسیع وتجدید کی گئی تو صرف ایک محراب باقی رکھی گئی اور اس عظیم واقعہ کے پہلے آثار محو کر دیئے گئے۔

مسجد ذوقبلتین میں دو رکعت نمازِ تحیت پڑھنا مستحب ہے۔ بہتر ہے کہ نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا مَسْجِدُ الْقِبْلَتَیْنِ وَ مُصَلّٰی نَبِیِّنَا وَ حَبِیْبِنَا وَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَ سَلَّمَ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ وَ قَوْلُکَ الْحَقُّ فِیْ کِتَابِکَ الْمُنْزَلِ عَلٰی صَدْرِ نَبِیِّکَ الْمُرْسَلِ: ’قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْھِکَ فِی السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّیَنَّکَ قِبْلَةً تَرْضٰیھَا فَوَلِّ وَجْھَکَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ‘ اَللّٰھُمَّ کَمَا بَلَّغْتَنَا فِی الدُّنْیَا زِیَارَتَہٗ وَ مَآثِرَہُ الشَّرِیْفَةَ فَلَا تُحْرِمْنَا یَا اَللّٰہُ فِی الْآخِرَةِ مِنْ فَضْلِ شَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَ سَلَّمَ وَ احْشُرْنَا فِیْ زُمْرَتِہٖ وَ تَحْتَ لِوَآئِہٖ وَ اَمِتْنَا عَلٰی مَحَبَّتِہٖ وَ سُنَّتِہٖ وَ اسْقِنَا مِنْ حَوْضِہِ الْمَوْرِدِ

بِیَدِہِ الشَّرِیْفَةِ شُرْبَةً ھَنِیْئَةً مَرِیْئَةً لَا نَظْمَأُ بَعْدَھَا اَبَدًا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

مسجد فتح (مسجد احزاب)

سلع پہاڑ کے دامن میں چند چھوٹی چھوٹی مسجدیں ہیں جو کہ جنگِ خندق کے نقشہ کی نشاندہی کرتی ہیں۔ لشکر اسلام کا قیام اسی جگہ تھا۔ پھر اسی جگہ ایک مسجد بنا دی گئی جو کہ مسجد فتح کے نام سے مشہور ہے، اِس کی وجہ تسمیہ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ رسول اکرمؐ نے اس جگہ مسلمانوں کی فتح کے لئے دعا کی اور یہیں رسولؐ کو مسلمانوں کی کامیابی کی اطلاع ملی تھی۔

اسی جنگ میں حضرت علی بن ابی طالبؑ کے ہاتھوں عرب کا نامی پہلوان عمرو بن عبدود مارا گیا تھا۔ لکھا ہے کہ اس موقعہ پر رسولؐ نے فرمایا:

ضَرْبَةُ عَلِیٍّ یَوْمَ الْخَنْدَقِ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ الثَّقَلَیْنِ۔

خندق کے دن علیؑ کی ضربت جن وانس کی عبادت سے افضل ہے۔

مستحب ہے کہ دو رکعت نمازِ تحیت مسجد پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھے۔

Presented by www.ziaraat.com

يَا صَرِيْخَ الْمَكْرُوْبِيْنَ وَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ وَ يَا مُغِيْثَ الْمَهْمُوْمِيْنَ اِكْشِفْ عَنِّيْ ضُرِّيْ وَ هَمِّيْ وَ كَرْبِيْ وَ غَمِّيْ كَمَا كَشَفْتَ عَنْ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ هَمَّهٗ وَ كَفَيْتَهٗ هَوْلَ عَدُوِّهٖ وَ اكْفِنِيْ مَا اَهَمَّنِيْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

مسجد فتح کے قریب چند چھوٹی چھوٹی مسجدیں: مسجد علیؑ، مسجد فاطمہؑ، مسجد سلمانؓ، مسجد عمر اور مسجد ابوبکر ہیں۔ بہتر ہے کہ ہر مسجد میں دو رکعت نماز تحیت مسجد پڑھے۔

مسجد اجابہ میں دعا

مسجد اجابہ ہی مسجد مباہلہ ہے۔ ۲۴/ ذی الحجہ کو اسی جگہ رسولؐ نے نصارائے نجران سے مباہلہ کیا تھا۔ مسجد کے احاطہ میں دو رکعت نماز تحیت کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ صَبْرَ الشَّاكِرِيْنَ لَكَ وَ عَمَلَ الْخَآئِفِيْنَ

مِنْكَ وَ يَقِيْنَ الْعَابِدِيْنَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ وَ اَنَا عَبْدُكَ الْبَآئِسُ الْفَقِيْرُ اَنْتَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ وَ اَنَا الْعَبْدُ الذَّلِيْلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ امْنُنْ بِغِنَاكَ عَلٰى فَقْرِيْ وَ بِحِلْمِكَ عَلٰى جَهْلِيْ وَ بِقُوَّتِكَ عَلٰى ضَعْفِيْ يَا قَوِيُّ يَا عَزِيْزُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِهِ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَ اكْفِنِيْ مَا اَهَمَّنِيْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

Presented by www.ziaraat.com

مدینہ منوّرہ کے اعمال

رسولؐ، فاطمہؑ اور ائمہؑ بقیع کی زیارت کی فضیلت

عام افراد خصوصاً حاجیوں کے لئے، مستحب موکد ہے کہ حضرت سید المرسلین، محمد بن عبداللہؐ کے روضہ کی زیارت سے مشرف ہوں اور آنحضرتؐ کی زیارت نہ کرنا آپؐ کے حقوق میں جفا ہے۔

شیخ شہیدؒ فرماتے ہیں: ''اگر لوگ آنحضرتؐ کی زیارت کو نہ جائیں تو امام کے لئے ضروری ہے کہ وہ لوگوں کو آنحضرتؐ کی زیارت کے لئے جانے پر مجبور کرے۔ کیونکہ آنحضرتؐ کی زیارت نہ کرنا جفا کے برابر ہے جو حرام ہے۔''

شیخ صدوقؒ نے امام صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

''جب تم میں سے کوئی حج کرے اسے چاہیئے کہ وہ اپنا حج ہماری زیارت پر ختم کرے۔ کیونکہ اسی سے حج مکمل ہوتا ہے،

نیز امیرالمؤمنینؑ سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

اپنا حج رسولؐ کی زیارت پر تمام کرو، کیونکہ حج کے بعد آنحضرتؐ کی

زیارت نہ کرنا آپؐ پر جفا اور ادب کے خلاف ہے۔ تمہیں اس کا حکم دیا گیا ہے، اُن قبور کی زیارت کے لئے جاؤ جن کا خدا نے تم پر حقِ زیارت لازم قرار دیا ہے۔ ان ہی قبور کے پاس خدا سے روزی طلب کرو۔''

ابوالصلت ہرویؒ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: میں نے حضرت امام رضاؑ کی خدمت میں عرض کی کہ آپؑ اِس روایت کے بارے میں کیا فرماتے ہیں— جس کو لوگ بیان کرتے ہیں— کہ جنت میں مؤمنین اپنی اپنی جگہوں سے اپنے پروردگار کی زیارت کریں گے۔ (حدیث کا صحیح مفہوم کیا ہے؟) امامؑ نے اُن کے جواب میں فرمایا:

''اے ابوالصلت! حق تعالیٰ نے اپنے رسول حضرت محمدؐ کو اپنی تمام مخلوق—انبیاء و ملائکہ—سے افضل قرار دیا ہے اور اُن کی اطاعت کو اپنی اطاعت، اُن کی بیعت کو اپنی بیعت اور اُن کی زیارت کو اپنی زیارت کہا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے:

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ۔

یعنی جس نے رسولؐ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

(سورۃ نساء: آیت ۸۰)

Presented by www.ziaraat.com

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ۔

پیغمبرؐ جو لوگ تمہارے ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں درحقیقت یہ اللہ کی بیعت ہے اور ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔

(سورۂ فتح: آیت ۱۰)

رسول اکرمؐ نے فرمایا:

"جس شخص نے میری حیات میں یا رحلت کے بعد میری زیارت کی گویا اُس نے خدا کی زیارت کی۔"

حمیری نے 'قرب الاسناد' میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، آپؑ نے فرمایا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا:

"جس شخص نے میری حیات میں یا رحلت کے بعد میری زیارت کی، روز قیامت میں اُس کی شفاعت کروں گا۔"

ایک حدیث میں آیا ہے کہ ایک عید کے موقع پر امام صادق علیہ السلام مدینہ میں تھے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے اور آنحضرتؐ کو سلام کیا اور فرمایا:

"ہم رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سبب ہر شہر کے باشندوں پر — خواہ مکہ ہو یا غیر مکہ — فضیلت و فوقیت رکھتے ہیں۔"

مرحوم شیخ طوسی علیہ الرّحمہ نے 'تہذیب' میں یزید بن عبدالملک سے اور انہوں نے اپنے والد و دادا سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؑ نے مجھے سلام کرنے میں سبقت کی اور پھر دریافت کیا، کیوں آئے ہو؟ عرض کی: ثواب و برکت کی طلب میں آیا ہوں۔ فرمایا:

مجھے میرے والد نے خبر دی ہے کہ جو شخص تین روز مجھے اور اُنھیں سلام کرے، خداوند اس کے لئے جنت واجب کردیتا ہے۔

میں نے عرض کی: آپؑ اور ان کی حیات میں؟ فرمایا:

ہاں اور اسی طرح ہمارے مرنے کے بعد۔

علاّمہ مجلسیؒ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عباس سے معتبر حدیث میں منقول ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"جو شخص بقیع میں، حسنؑ کی زیارت کرے گا وہ اُس روز صراط پر ثابت قدم رہے گا جس دن لوگوں کے قدم پھسلیں گے۔"

'مقنعہ' میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپؑ نے

Presented by www.ziaraat.com

فرمایا:

"جو شخص میری زیارت کرے گا اُس کے گناہ بخشے جائیں گے اور فقر و پریشانی کی حالت میں نہیں مرے گا۔"

ابن قولویہؒ نے 'کامل الزیارات' میں ہشام بن سالم کے توسط سے امام صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، اس کے کچھ فقرے یہ ہیں:

ایک شخص امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں شرفیاب ہوا اور عرض کی: کیا آپؑ کے والد کی زیارت کرنا چاہیئے؟ فرمایا: ہاں۔ عرض کی: اُن کی زیارت کا کیا اجر ہے؟ فرمایا:

زائر کے لئے جنت ہے بشرطیکہ وہ اُن کی امامت کا اعتقاد رکھتا ہو اور اُن کی متابعت کرتا ہو۔

عرض کی: جو اُن کی زیارت سے اعراض کرتا ہے۔ اس کا کیا ہوگا؟ فرمایا:

روزِ قیامت حسرت اس کا مقدر ہوگی......

اِس سلسلہ میں اور بہت سی حدیثیں ہیں۔

زیارت کے لئے اذنِ باریابی

مرحوم شیخ کفعمیؒ کہتے ہیں: جب تم مسجد نبوی یا ائمہ میں سے کسی کے حرم

میں داخل ہونے کا قصد کرو تو کہو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ وَقَفْتُ عَلٰی بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ بُیُوْتِ نَبِیِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَ قَدْ مَنَعْتَ النَّاسَ اَنْ یَّدْخُلُوْا اِلاَّ بِاِذْنِهٖ فَقُلْتَ یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لاَ تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلاَّ اَنْ یُّؤْذَنَ لَكُمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعْتَقِدُ حُرْمَةَ صَاحِبِ هٰذَا الْمَشْهَدِ الشَّرِیْفِ فِیْ غَیْبَتِهٖ كَمَآ اَعْتَقِدُهَا فِیْ حَضْرَتِهٖ وَ اَعْلَمُ اَنَّ رَسُوْلَكَ وَ خُلَفَآئَكَ عَلَیْهِمُ السَّلاَمُ اَحْیَآءٌ عِنْدَكَ یُرْزَقُوْنَ یَرَوْنَ مَقَامِیْ وَ یَسْمَعُوْنَ كَلاَمِیْ وَ یَرُدُّوْنَ سَلاَمِیْ وَ اَنَّكَ حَجَبْتَ عَنْ سَمْعِیْ كَلاَمَهُمْ وَ فَتَحْتَ بَابَ فَهْمِیْ بِلَذِیْذِ مُنَاجَاتِهِمْ وَ اِنِّیْ اَسْتَاذِنُكَ یَا رَبِّ اَوَّلاً وَّ اَسْتَاذِنُ رَسُوْلَكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ ثَانِیًا وَ اَسْتَاذِنُ خَلِیْفَتَكَ الْاِمَامَ الْمَفْرُوْضَ عَلَیَّ طَاعَتُهٗ فُلاَنَ بْنَ فُلاَنٍ۔

فلاں بن فلاں کی جگہ اُس امام کا نام لے جس کی زیارت پڑھ رہا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اسی طرح اُن کے والد کا نام بھی لے۔ مثلاً اگر امام حسینؑ کی زیارت پڑھے تو کہے الحسین بن علیؑ اور اگر امام رضاؑ کی زیارت پڑھے تو کہے: علی بن موسیٰ الرضاؑ اسی طرح باقی ائمہ کے لئے بھی کہے۔ اور اس کے بعد کہے:

وَ الْمَلٰٓئِکَۃَ الْمُوَکَّلِیْنَ بِھٰذِہِ الْبُقْعَۃِ الْمُبَارَکَۃِ ثَالِثًا ئَاَدْخُلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ئَاَدْخُلُ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ ئَاَدْخُلُ یَا مَلٰٓئِکَۃَ اللّٰہِ الْمُقَرَّبِیْنَ الْمُقِیْمِیْنَ فِیْ ھٰذَا الْمَشْھَدِ فَاْذَنْ لِیْ یَا مَوْلَایَ فِی الدُّخُوْلِ اَفْضَلَ مَآ اَذِنْتَ لِاَحَدٍ مِّنْ اَوْلِیَآئِکَ فَاِنْ لَّمْ اَکُنْ اَھْلاً لِّذٰلِکَ فَاَنْتَ اَھْلٌ لِّذٰلِکَ۔

اس کے بعد حرم کے دروازہ کا بوسہ لے اور داخل ہو جائے اور کہے:

بِسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ وَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَ عَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَ ارْحَمْنِیْ وَ تُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ۔

رسول اکرمؐ کی پہلی زیارت

جب مدینہ منورہ جائے تو پہلے غسلِ زیارت کرے۔ اذن باریابی کی دعا پڑھے اور باب جبرئیلؑ سے اندر جائے۔ پہلے دایاں پاؤں رکھے اور سو مرتبہ 'اَللّٰہُ اَکْبَرُ' کہے اور دو رکعت نمازِ تحیت بجا لائے۔

حجرۂ شریف کے پاس جائے اور وہاں کھڑے ہو کر کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ اَشْھَدُ اَنَّکَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَۃَ وَ اَقَمْتَ الصَّلٰوۃَ وَ اٰتَیْتَ الزَّکٰوۃَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَھَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَ عَبَدْتَ اللّٰہَ مُخْلِصًا حَتّٰی اَتٰیکَ الْیَقِیْنُ فَصَلَوٰتُ اللّٰہِ عَلَیْکَ وَ رَحْمَتُہٗ وَ عَلٰی اَھْلِ بَیْتِکَ الطَّاھِرِیْنَ۔

پھر اُس ستون کے پاس رو بقبلہ کھڑا ہو جائے جو قبر کی دائیں جانب ہے

Presented by www.ziaraat.com

اس طرح زائر کے بائیں بازو کی طرف قبر اور دائیں بازو کی طرف منبر ہوگا اس کے بعد کہے:

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ عَبَدْتَ اللّٰهَ مُخْلِصًا حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ فَصَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَ رَحْمَتُهٗ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ۔

ضریح مبارک کے ستون کے داہنی طرف کھڑے ہو جائے، چہرہ قبلہ کے طرف ہو، بایاں کندھا ضریح مبارک کی طرف، اور داہنا کندھا منبر کی طرف ہو اور پڑھے۔

اَشْهَدُ اَنْ لاَّ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاَ شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ اَنَّكَ

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالاَتِ رَبِّكَ وَ نَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ وَ جَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ عَبَدْتَ اللّٰهَ حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ اَدَّيْتَ الَّذِيْ عَلَيْكَ مِنَ الْحَقِّ وَ اَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ وَ غَلُظْتَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ فَبَلَّغَ اللّٰهُ بِكَ اَفْضَلَ شَرَفِ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الشِّرْكِ وَ الضَّلاَلَةِ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ صَلَوَاتِ مَلاَئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ اَنْبِيَآئِكَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ وَ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَ الْاَرَضِيْنَ وَ مَنْ سَبَّحَ لَكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ اَمِيْنِكَ وَ نَجِيِّكَ وَ حَبِيْبِكَ وَ صَفِيِّكَ وَ خَاصَّتِكَ وَ صَفْوَتِكَ وَ خِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِهِ الدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَ اٰتِهِ

Presented by www.ziaraat.com

الْوَسِيْلَةَ مِنَ الْجَنَّةِ وَ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهٖ الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآؤُكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا وَ اِنِّيْ اَتَيْتُكَ مُسْتَغْفِرًا تَآئِبًا مِنْ ذُنُوْبِيْ وَ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَ رَبِّكَ لِيَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ۔

اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرے انشاءاللہ پوری ہوگی۔

پھر رسولِ اکرمؐ سے مخصوص یہ درود پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا حَمَلَ وَحْيَكَ وَ بَلَّغَ رِسَالَاتِكَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَحَلَّ حَلَالَكَ وَ حَرَّمَ حَرَامَكَ وَ عَلَّمَ كِتَابَكَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَى الزَّكٰوةَ وَ دَعَا اِلٰى دِيْنِكَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا صَدَّقَ بِوَعْدِكَ وَ اَشْفَقَ مِنْ وَعِيْدِكَ وَ صَلِّ

عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا غَفَرْتَ بِهِ الذُّنُوْبَ وَ سَتَرْتَ بِهِ الْعُيُوْبَ وَ فَرَّجْتَ بِهِ الْكُرُوْبَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا دَفَعْتَ بِهِ الشَّقَآءَ وَ كَشَفْتَ بِهِ الْغَمَّآءَ وَ اَجَبْتَ بِهِ الدُّعَآءَ وَ نَجَّيْتَ بِهٖ مِنَ الْبَلَآءِ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ بِهِ الْعِبَادَ وَ اَحْيَيْتَ بِهِ الْبِلَادَ وَ قَصَمْتَ بِهِ الْجَبَابِرَةَ وَ اَهْلَكْتَ بِهِ الْفَرَاعِنَةَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَضْعَفْتَ بِهِ الْاَمْوَالَ وَ اَحْرَزْتَ بِهٖ مِنَ الْاَهْوَالِ وَ كَسَرْتَ بِهِ الْاَصْنَامَ وَ رَحِمْتَ بِهِ الْاَنَامَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَعَثْتَهٗ بِخَيْرِ الْاَدْيَانِ وَ اَعْزَزْتَ بِهِ الْاِيْمَانَ وَ تَبَّرْتَ بِهِ الْاَوْثَانَ وَ عَظَّمْتَ بِهِ الْبَيْتَ الْحَرَامَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّاهِرِيْنَ الْاَخْيَارِ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا۔

Presented by www.ziaraat.com

نماز زیارت اور اس کے بعد کی دعا

بس دو رکعت نماز زیارت پڑھے اور اس کا ثواب حضرت رسول اکرمؐ کو ہدیہ کردے۔ نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ صَلَّیْتُ وَ رَکَعْتُ وَ سَجَدْتُ لَکَ وَحْدَکَ لاَ شَرِیْکَ لَکَ لِاَنَّ الصَّلاَۃَ وَ الرُّکُوْعَ وَالسُّجُوْدَ لاَ تَکُوْنُ اِلاَّ لَکَ لِاَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ اَللّٰھُمَّ وَ ھَاتَانِ الرَّکْعَتَانِ ھَدِیَّۃٌ مِنِّیْ اِلٰی سَیِّدِیْ وَ مَوْلاَیَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ فَتَقَبَّلْھُمَا مِنِّیْ بِاَحْسَنِ قَبُوْلِکَ وَ اُجُرْنِیْ عَلٰی ذٰلِکَ بِاَفْضَلِ اَمَلِیْ وَ رَجَائِیْ فِیْکَ وَ فِیْ رَسُوْلِکَ یَا وَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

رسول اکرمؐ کی دوسری زیارت

پہلی زیارت میں بیان ہونے والی ابتدائی چیزوں کو انجام دے سو مرتبہ 'اَللّٰہُ اَکْبَرُ' کہنے اور دو رکعت نماز تحیت پڑھنے کے بعد بالائے سر کی طرف حجرۂ شریف کی جانب رخ کر کے کھڑا ہو اور کہے:

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ اَشْھَدُ اَنَّکَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَۃَ وَ اَقَمْتَ الصَّلٰوۃَ وَ آتَیْتَ الزَّکٰوۃَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَھَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَ عَبَدْتَ اللّٰہَ مُخْلِصًا حَتّٰی اَتٰیکَ الْیَقِیْنُ فَصَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْکَ وَ رَحْمَتُہٗ وَ عَلٰی اَھْلِ بَیْتِکَ الطَّاھِرِیْنَ۔

پھر پڑھے:

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا خَلِیْلَ اللّٰہِ

Presented by www.ziaraat.com

اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ يَـا نَبِـيَّ الـلّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا صَفِيَّ اللّٰهِ
اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ يَـا رَحْمَةَ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ
اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ يَـا حَبِيْـبَ الـلّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا نَجِيْبَ
اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيّيْنَ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ
الْـمُـرْسَلِيْـنَ اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ يَـا قَآئِمًا بِالْقِسْطِ اَلسَّلاَمُ
عَـلَيْكَ يَـا فَـاتِحَ الْخَيْرِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا مَعْدِنَ الْوَحْيِ وَ
التَّـنْـزِيْـلِ اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ يَا مُبَلِّغًا عَنِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ
اَيُّهَا السِّرَاجُ الْمُنِيْرُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا مُبَشِّرُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ
يَـا نَـذِيْرُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا مُنْذِرُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللّٰهِ
اَلَّـذِىْ يُسْتَـضَـآءُ بِـهٖ اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ وَ عَـلٰـى اَهْلِ بَيْتِكَ
الـطَّيِّبِيْـنَ الطَّاهِرِيْنَ الْهَادِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ وَ
عَـلٰـى جَدِّكَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَ عَلٰى اَبِيْكَ عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ
عَـلٰـى اُمِّكَ اٰمِـنَـةَ بِنْتِ وَهَبٍ اَلسَّلاَمُ عَلٰى عَمِّكَ حَمْزَةَ

سَيِّدِ الشُّـهَـدَآءِ اَلسَّلاَمُ عَـلٰـى عَـمِّكَ الْـعَبَّـاسِ بْنِ عَبْدِ
الْمُطَّلِبِ اَلسَّلاَمُ عَلٰى عَمِّكَ وَ كَفِيْلِكَ اَبِيْطَالِبٍ اَلسَّلاَمُ
عَـلٰـى ابْـنِ عَمِّكَ جَعْفَرِ الطَّيَّارِ فِىْ جِنَانِ الْخُلْدِ اَلسَّلاَمُ
عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا اَحْمَدُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا
حُـجَّةَ اللّٰهِ عَلَى الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ وَ السَّابِقَ اِلٰى طَاعَةِ
رَبِّ الْـعَالَمِيْنَ وَ الْمُهَيْمِنَ عَلٰى رُسُلِهٖ وَ الْخَاتَمَ الْاَنْبِيَآئِهٖ
وَ الشَّـاهِـدَ عَـلٰى خَلْقِهٖ وَ الشَّفِيْعَ اِلَيْهِ وَ الْمَكِيْنَ لَدَيْهِ وَ
الْـمُـطَـاعَ فِـىْ مَلَكُوْتِهِ الْاَحْمَدَ مِنَ الْاَوْصَافِ الْمُحَمَّدَ
لِسَـآئِـرِ الْاَشْرَافِ الْكَرِيْمَ عِنْدَ الرَّبِّ وَ الْمُكَلَّمَ مِنْ وَّرَآءِ
الْـحُـجُبِ الْفَآئِزَ بِالسِّبَاقِ وَ الْفَآئِتَ عَنِ اللِّحَاقِ تَسْلِيْمَ
عَـارِفٍ بِحَقِّكَ مُعْتَرِفٍ بِالتَّقْصِيْرِ فِىْ قِيَامِهٖ بِوَاجِبِكَ غَيْرِ
مُـنْـكِـرٍ مَـا انْتَهٰى اِلَيْهِ مِنْ فَضْلِكَ مُوْقِنٍ بِالْمَزِيْدَاتِ مِنْ
رَبِّكَ مُـؤْمِـنٍ بِـالْـكِتَـابِ الْمُنْزَلِ عَلَيْكَ مُحَلِّلٍ حَلاَلَكَ

Presented by www.ziaraat.com

مُحَرَّمٍ حَرَامَكَ اَشْهَدُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَعَ كُلِّ شَاهِدٍ وَ
اَتَحَمَّلُهَا عَنْ كُلِّ جَاحِدٍ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالاَتِ رَبِّكَ
وَ نَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ وَ جَاهَدْتَ فِىْ سَبِيْلِ رَبِّكَ وَ
صَدَعْتَ بِاَمْرِهٖ وَ احْتَمَلْتَ الْاَذٰى فِىْ جَنْبِهٖ وَ دَعَوْتَ
اِلٰى سَبِيْلِهٖ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ الْجَمِيْلَةِ وَ
اَدَّيْتَ الْحَقَّ الَّذِىْ كَانَ عَلَيْكَ وَ اَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ
بِالْمُؤْمِنِيْنَ وَ غَلُظْتَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ وَ عَبَدْتَ اللّٰهَ
مُخْلِصًا حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ فَبَلَغَ اللّٰهُ بِكَ اَشْرَفَ مَحَلِّ
الْمُكَرَّمِيْنَ وَ اَعْلٰى مَنَازِلِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ اَرْفَعَ دَرَجَاتِ
الْمُرْسَلِيْنَ حَيْثُ لاَ يَلْحَقُكَ لاَحِقٌ وَ لاَ يَفُوْقُكَ فَآئِقٌ وَ
لاَ يَسْبِقُكَ سَابِقٌ وَ لاَ يَطْمَعُ فِىْ اِدْرَاكِكَ طَامِعٌ اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِىْ اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الْهَلَكَةِ وَ هَدَانَا بِكَ مِنَ
الضَّلاَلَةِ وَ نَوَّرَنَا بِكَ مِنَ الظُّلْمَةِ فَجَزَاكَ اللّٰهُ يَا رَسُوْلَ

اللّٰهِ مِنْ مَبْعُوْثٍ اَفْضَلَ مَا جَازٰى نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَ رَسُوْلاً
عَمَّنْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ بِاَبِىْ اَنْتَ وَ اُمِّىْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زُرْتُكَ
عَارِفًا بِحَقِّكَ مُقِرًّا بِفَضْلِكَ مُسْتَبْصِرًا بِضَلاَلَةِ مَنْ
خَالَفَكَ وَ خَالَفَ اَهْلَ بَيْتِكَ عَارِفًا بِالْهُدٰى الَّذِىْ اَنْتَ
عَلَيْهِ بِاَبِىْ اَنْتَ وَ اُمِّىْ وَ نَفْسِىْ وَ اَهْلِىْ وَ مَالِىْ وَ وَلَدِىْ
اَنَا اُصَلِّىْ عَلَيْكَ كَمَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ صَلّٰى عَلَيْكَ
مَلآئِكَتُهٗ وَ اَنْبِيَآؤُهٗ وَ رُسُلُهٗ صَلٰوةً مُتَتَابِعَةً وَافِرَةً مُتَوَاصِلَةً
لاَ انْقِطَاعَ لَهَا وَ لاَ اَمَدَ وَ لاَ اَجَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ
عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ كَمَا اَنْتُمْ اَهْلُهٗ۔

پھر اپنے ہاتھوں کو بلند کرے اور خضوع اور خشوع کے ساتھ کہے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ جَوَامِعَ صَلَوَاتِكَ وَ نَوَامِىَ بَرَكَاتِكَ وَ
فَوَاضِلَ خَيْرَاتِكَ وَ شَرَآئِفَ تَحِيَّاتِكَ وَ تَسْلِيْمَاتِكَ وَ
كَرَامَاتِكَ وَ رَحَمَاتِكَ وَ صَلَوَاتِ مَلآئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ

Presented by www.ziaraat.com

اَنْبِيَآئِكَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اَئِمَّتِكَ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَ عِبَادِكَ
الصَّالِحِيْنَ وَ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَ الْاَرَضِيْنَ وَ مَنْ سَبَّحَ
لَكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ عَلٰى
مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ شَاهِدِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ نَذِيْرِكَ وَ
اَمِيْنِكَ وَ مَكِيْنِكَ وَ نَجِيِّكَ وَ نَجِيْبِكَ وَ حَبِيْبِكَ وَ
خَلِيْلِكَ وَ صَفِيِّكَ وَ صَفْوَتِكَ وَ خَآصَّتِكَ وَ خَالِصَتِكَ وَ
رَحْمَتِكَ وَ خَيْرِ خِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَ خَازِنِ
الْمَغْفِرَةِ وَ قَآئِدِ الْخَيْرِ وَ الْبَرَكَةِ وَ مُنْقِذِ الْعِبَادِ مِنَ
الْهَلَكَةِ بِاِذْنِكَ وَ دَاعِيْهِمْ اِلٰى دِيْنِكَ الْقَيِّمِ بِاَمْرِكَ اَوَّلِ
النَّبِيِّيْنَ مِيْثَاقًا وَ اٰخِرِهِمْ مَبْعَثًا الَّذِىْ غَمَسْتَهٗ فِىْ بَحْرِ
الْفَضِيْلَةِ وَ الْمَنْزِلَةِ الْجَلِيْلَةِ وَ الدَّرَجَةِ الرَّفِيْعَةِ وَ الْمَرْتَبَةِ
الْخَطِيْرَةِ وَ اَوْدَعْتَهُ الْاَصْلَابَ الطَّاهِرَةَ وَ نَقَلْتَهٗ مِنْهَا اِلَى
الْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ لُطْفًا مِّنْكَ لَهٗ وَ تَحَنُّناً مِّنْكَ عَلَيْهِ اِذْ

وَكَّلْتَ لِصَوْنِهٖ وَ حِرَاسَتِهٖ وَ حِفْظِهٖ وَ حِيَاطَتِهٖ مِنْ
قُدْرَتِكَ عَيْنًا عَاصِمَةً حَجَبْتَ بِهَا عَنْهُ مَدَانِسَ الْعَهْرِ وَ
مَعَآئِبَ السِّفَاحِ حَتّٰى رَفَعْتَ بِهٖ نَوَاظِرَ الْعِبَادِ وَ اَحْيَيْتَ
بِهٖ مَيْتَ الْبِلَادِ بِاَنْ كَشَفْتَ عَنْ نُوْرِ وِلَادَتِهٖ ظُلَمَ الْاَسْتَارِ
وَ اَلْبَسْتَ حَرَمَكَ بِهٖ حُلَلَ الْاَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا خَصَصْتَهٗ
بِشَرَفِ هٰذِهِ الْمَرْتَبَةِ الْكَرِيْمَةِ وَ ذُخْرِ هٰذِهِ الْمَنْقَبَةِ
الْعَظِيْمَةِ صَلِّ عَلَيْهِ كَمَا وَفٰى بِعَهْدِكَ وَ بَلَّغَ رِسَالَاتِكَ وَ
قَاتَلَ اَهْلَ الْجُحُوْدِ عَلٰى تَوْحِيْدِكَ وَ قَطَعَ رَحِمَ الْكُفْرِ
فِىْ اِعْزَازِ دِيْنِكَ وَ لَبِسَ ثَوْبَ الْبَلْوٰى فِىْ مُجَاهَدَةِ
اَعْدَآئِكَ وَ اَوْجَبْتَ لَهٗ بِكُلِّ اَذًى مَسَّهٗ اَوْ كَيْدٍ اَحَسَّ بِهٖ
مِنَ الْفِئَةِ الَّتِىْ حَاوَلَتْ قَتْلَهٗ فَضِيْلَةً تَفُوْقُ الْفَضَآئِلَ وَ
يَمْلِكُ بِهَا الْجَزِيْلَ مِنْ نَوَالِكَ وَ قَدْ اَسَرَّ الْحَسْرَةَ وَ
اَخْفَى الزَّفْرَةَ وَ تَجَرَّعَ الْغُصَّةَ وَ لَمْ يَتَخَطَّ مَا مَثَّلَ لَهٗ

Presented by www.ziaraat.com

وَ حْيُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ صَلٰوةً تَرْضَاهَا
لَهُمْ وَ بَلِّغْهُمْ مِنَّا تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَ سَلاَمًا وَ اٰتِنَا مِنْ لَدُنْكَ
فِيْ مُوَالاَتِهِمْ فَضْلاً وَ اِحْسَانًا وَ رَحْمَةً وَ غُفْرَانًا اِنَّكَ ذُو
الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔

پھر بالائے سر کی طرف کھڑے ہو کر کہے:

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلاَمُ
عَلَيْكَ يَا اَبَا الْقَاسِمِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْاَوَّلِيْنَ وَ
الْاٰخِرِيْنَ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا زَيْنَ الْقِيَامَةِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا
شَفِيْعَ الْقِيَامَةِ اَشْهَدُ اَنْ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاَ شَرِيْكَ لَهٗ
وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَ اَدَّيْتَ
الْاَمَانَةَ وَ نَصَحْتَ اُمَّتَكَ وَ جَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ رَبِّكَ
حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ
طِبْتَ حَيًّا وَ طِبْتَ مَيِّتًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ عَلٰى اَخِيْكَ

وَ وَصِيِّكَ وَ ابْنِ عَمِّكَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ عَلَى ابْنَتِكَ
سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ وَ عَلٰى وَلَدَيْكَ الْحَسَنِ وَ
الْحُسَيْنِ اَفْضَلَ الصَّلاَةِ وَ السَّلاَمِ وَ اَطْيَبَ التَّحِيَّةِ وَ
اَطْهَرَ الصَّلٰوةِ وَ عَلَيْنَا مِنْكُمُ السَّلاَمُ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ
بَرَكَاتُهٗ۔

اس کے بعد ستون کے کنارے - جو قبر کی دائیں جانب اور زاویہ مرقد سے نزدیک ہے - روبقبلہ کھڑا ہو جائے - کہ بائیں بازو کی طرف قبر اور دائیں بازو کی طرف منبر قرار پائے - اور کہے:

اَشْهَدُ اَنْ لاَّ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاَ شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ اَنَّكَ
مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالاَتِ
رَبِّكَ وَ نَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ وَ جَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ
عَبَدْتَ اللّٰهَ حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ

Presented by www.ziaraat.com

الْحَسَنَةِ وَ اَدَّيْتَ الَّذِىْ عَلَيْكَ مِنَ الْحَقِّ وَ اَنَّكَ قَدْ
رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ وَ غَلُظْتَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ فَبَلَّغَ اللّٰهُ
بِكَ اَفْضَلَ شَرَفِ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ
اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الشِّرْكِ وَ الضَّلَالَةِ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ
صَلَوَاتِكَ وَ صَلَوَاتِ مَلَآئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ اَنْبِيَآئِكَ
الْمُرْسَلِيْنَ وَ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ وَ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَ
الْاَرَضِيْنَ وَ مَنْ سَبَّحَ لَكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَ
الْاٰخِرِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ اَمِيْنِكَ
وَ نَجِيِّكَ وَ حَبِيْبِكَ وَ صَفِيِّكَ وَ خَآصَّتِكَ وَ صَفْوَتِكَ وَ
خِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِهِ الدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَ اٰتِهِ
الْوَسِيْلَةَ مِنَ الْجَنَّةِ وَ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهِ
الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوْا
اَنْفُسَهُمْ جَآؤُكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ

لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا وَ اِنِّىْ اَتَيْتُكَ مُسْتَغْفِرًا تَآئِبًا مِنْ
ذُنُوْبِىْ وَ اِنِّىْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ رَبِّىْ وَ رَبِّكَ لِيَغْفِرَ لِىْ
ذُنُوْبِىْ۔

پھر قبر کے قریب جائے اور اس پر اپنے ہاتھ رکھ کر کہے:

اَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِىْ اجْتَبٰيكَ وَ اخْتَارَكَ وَ هَدٰيكَ وَ هَدٰى
بِكَ اَنْ يُّصَلِّىَ عَلَيْكَ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ۔

اس کے بعد کہے:

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلَآئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِىِّ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔

در حجرۂ شریف کی دیوار پر ہاتھ رکھ کر کہے:

اَتَيْتُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مُهَاجِرًا اِلَيْكَ قَاضِيًا لِمَا اَوْجَبَهُ اللّٰهُ
عَلَىَّ مِنْ قَصْدِكَ وَ اِذْ لَمْ اَلْحَقْكَ حَيًّا فَقَدْ قَصَدْتُكَ بَعْدَ
مَوْتِكَ عَالِمًا اَنَّ حُرْمَتَكَ مَيِّتًا كَحُرْمَتِكَ حَيًّا فَكُنْ لِىْ

Presented by www.ziaraat.com

بِذَالِكَ عِنْدَ اللّٰهِ شَاهِدًا۔

پھر اپنا دایاں ہاتھ چہرہ پر پھرائے اور کہے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ذٰلِكَ بَيْعَةً مَرْضِيَّةً لَدَيْكَ وَ عَهْدًا مُؤَكَّدًا عِنْدَكَ تُحْيِنِىْ مَا اَحْيَيْتَنِىْ عَلَيْهِ وَ عَلَى الْوَفَآءِ بِشَرَائِطِهٖ وَ حُدُوْدِهٖ وَ حُقُوْقِهٖ وَ اَحْكَامِهٖ وَ تُمِيْتُنِىْ اِذَا اَمَتَّنِىْ عَلَيْهِ وَ تَبْعَثُنِىْ اِذَا بَعَثْتَنِىْ عَلَيْهِ۔

اُس وقت بالائے سر والے حصّہ پر کھڑے ہو کر اپنے والدین اور دوستوں کی طرف سے اس طرح زیارت پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ مِنْ اَبِىْ وَ اُمِّىْ وَ وَلَدِىْ وَ خَاصَّتِىْ وَ جَمِيْعِ اَهْلِ بَلَدِىْ حُرِّهِمْ وَ عَبْدِهِمْ وَ اَبْيَضِهِمْ وَ اَسْوَدِهِمْ وَ مِنْ ......۔

(اُن لوگوں کے نام لے جن سے محبت رکھتا ہے)

پھر قبلہ کی سمت جائے اور قبر منوّر کی طرف رخ اور قبلہ کی طرف پشت کر کے کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ وَ رَسُوْلَهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صِفْوَةَ اللّٰهِ وَ خِيَرَتَهٗ مِنْ خَلْقِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْنَ اللّٰهِ وَ حُجَّتَهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ وَ سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْبَشِيْرُ النَّذِيْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الدَّاعِىْ اِلَى اللّٰهِ وَ السِّرَاجُ الْمُنِيْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الَّذِيْنَ اَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَ طَهَّرَتَهُمْ تَطْهِيْرًا اَشْهَدُ اَنَّكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَيْتَ بِالْحَقِّ وَ قُلْتَ بِالصِّدْقِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ وَفَّقَنِىْ لِلْاِيْمَانِ وَ التَّصْدِيْقِ وَ مَنَّ عَلَىَّ بِطَاعَتِكَ وَ اِتِّبَاعِ سَبِيْلِكَ وَ جَعَلَنِىْ مِنْ اُمَّتِكَ وَ الْمُجِيْبِيْنَ لِدَعْوَتِكَ وَ هَدَانِىْ اِلٰى مَعْرِفَتِكَ وَ مَعْرِفَةِ الْاَئِمَّةِ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ بِمَا يُرْضِيْكَ وَ اَبْرَاُ اِلَى اللّٰهِ مِمَّا يُسْخِطُكَ مُوَالِيًا لِاَوْلِيَآئِكَ مُعَادِيًا لِاَعْدَآئِكَ جِئْتُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زَائِرًا وَ

Presented by www.ziaraat.com

قَصَدْتُكَ رَاغِبًا مُتَوَسِّلاً اِلَی اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَ اَنْتَ صَاحِبُ الْوَسِيْلَةِ وَ الْمَنْزِلَةِ الْجَلِيْلَةِ وَ الشَّفَاعَةِ الْمَقْبُوْلَةِ وَ الدَّعْوَةِ الْمَسْمُوْعَةِ فَاشْفَعْ لِیْ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی فِیْ الْغُفْرَانِ وَ الرَّحْمَةِ وَ التَّوْفِيْقِ وَ الْعِصْمَةِ فَقَدْ غَمَرَتِ الذُّنُوْبُ وَ شَمَلَتِ الْعُيُوْبُ وَ اُثْقِلَ الظَّهْرُ وَ تَضَاعَفَ الْوِزْرُ وَ قَدْ اَخْبَرْتَنَا وَ خَبَرُكَ الصِّدْقُ اَنَّهٗ تَعَالٰی قَالَ وَ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَآئُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوْا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوْا اللّٰهَ تَوَّابًا رَحِيْمًا وَ قَدْ جِئْتُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مُسْتَغْفِرًا مِنْ ذُنُوْبِیْ تَآئِبًا مِنْ مَعَاصِیَّ وَ سَيِّاٰتِیْ وَ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ اِلَی اللّٰهِ رَبِّیْ وَ رَبِّكَ لِيَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ فَاشْفَعْ لِیْ يَا شَفِيْعَ الْاُمَّةِ وَ اَجِرْنِیْ يَا نَبِیَّ الرَّحْمَةِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ عَلٰی آلِكَ الطَّاهِرِيْنَ۔

مسجد نبویؐ کے بعض مستحبات

روضۂ مبارکہ مسجد میں دعا

مسجد نبوی میں بہت زیادہ نماز پڑھے، کیونکہ اس مسجد میں ہر نماز کا ثواب ایک ہزار نمازوں کے برابر نمازی کے اعمال میں لکھا جاتا ہے۔ مرقد و منبر کے درمیان نماز پڑھنا افضل ہے۔ رسولؐ سے مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

”میری قبر و منبر کے درمیان جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔“

یہ باغ طول میں قبر منوّر سے منبر تک اور عرض میں منبر سے چوتھے ستون تک ہے، مستحب ہے کہ اس میں یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهٖ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ جَنَّتِكَ وَ شُعْبَةٌ مِّنْ شُعَبِ رَحْمَتِكَ الَّتِیْ ذَكَرَهَا رَسُوْلُكَ وَ اَبَانَ عَنْ فَضْلِهَا وَ شَرَفِ التَّعَبُّدِ لَكَ فِيْهَا فَقَدْ بَلَّغْتَنِيْهَا فِیْ سَلَامَةِ نَفْسِیْ

Presented by www.ziaraat.com

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا سَيِّدِىْ عَلٰى عَظِيْمِ نِعْمَتِكَ عَلَىَّ فِىْ
ذٰلِكَ وَ عَلٰى مَا رَزَقْتَنِيْهِ مِنْ طَاعَتِكَ وَ طَلَبِ مَرْضَاتِكَ وَ
تَعْظِيْمِ حُرْمَةِ نَبِيِّكَ بِزِيَارَةِ قَبْرِهٖ وَ التَّسْلِيْمِ عَلَيْهِ وَ التَّرَدُّدِ
فِىْ مَشَاهِدِهٖ وَ مَوَافِقِهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا مَوْلاَىَ حَمْدًا
يَنْتَظِمُ بِهٖ مَحَامِدُ حَمَلَةِ عَرْشِكَ وَ سُكَّانِ سَمٰوَاتِكَ لَكَ
وَ يَقْصُرُ عَنْهُ حَمْدُ مَنْ مَضٰى وَ يَفْضُلُ حَمْدَ مَنْ بَقِىَ مِنْ
خَلْقِكَ لَكَ وَ لَكَ الْحَمْدُ يَا مَوْلاَىَ حَمْدَ مَنْ عَرَفَ
الْحَمْدَ لَكَ وَ التَّوْفِيْقَ لِلْحَمْدِ مِنْكَ حَمْدًا يَمْلَاُ مَا
خَلَقْتَ وَ يَبْلُغُ حَيْثُ مَا اَرَدْتَ وَ لاَ يَحْجُبُ عَنْكَ وَ لاَ
يَنْقَضِىْ دُوْنَكَ وَ يَبْلُغُ اَقْصٰى رِضَاكَ وَ لاَ يَبْلُغُ آخِرَهٗ
اَوَائِلُ مَحَامِدِ خَلْقِكَ لَكَ وَ لَكَ الْحَمْدُ مَا عَرَفْتُ
الْحَمْدَ وَ جُعِلَ ابْتِدَآءُ الْكَلاَمِ الْحَمْدُ يَا بَاقِىَ الْعِزِّ وَ
الْعَظَمَةِ وَ دَائِمَ السُّلْطَانِ وَ الْقُدْرَةِ وَ شَدِيْدَ الْبَطْشِ وَ

الْقُوَّةِ وَ نَافِذَ الْاَمْرِ وَ الْاِرَادَةِ وَ وَاسِعَ الرَّحْمَةِ وَ الْمَغْفِرَةِ
وَ رَبَّ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ كَمْ مِنْ نِعْمَةٍ لَكَ عَلَىَّ يَقْصُرُ عَنْ
اَيْسَرِهَا حَمْدِىْ وَ لاَ يَبْلُغُ اَدْنَاهَا شُكْرِىْ وَ كَمْ مِنْ
صَنَائِعَ مِنْكَ اِلَىَّ لاَ يُحِيْطُ بِكَثِيْرِهَا وَهْمِىْ وَ لاَ يُقَيِّدُهَا
فِكْرِىْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نَبِيِّكَ الْمُصْطَفٰى بَيْنَ الْبَرِيَّةِ
طِفْلاً وَ خَيْرِهَا شَابًّا وَ كَهْلاً اَطْهَرِ الْمُطَهَّرِيْنَ شِيْمَةً وَ
اَجْوَدِ الْمُسْتَمِرِّيْنَ دِيْمَةً وَ اَعْظَمِ الْخَلْقِ جُرْثُوْمَةً الَّذِىْ
اَوْضَحْتَ بِهِ الدَّلاَلاَتِ وَ اَقَمْتَ بِهِ الرِّسَالاَتِ وَ خَتَمْتَ
بِهِ النُّبُوَّاتِ وَ فَتَحْتَ بِهِ الْخَيْرَاتِ وَ اَظْهَرْتَهٗ مَظْهَرًا وَ
ابْتَعَثْتَهٗ نَبِيًّا وَ هَادِيًا اَمِيْنًا مَهْدِيًّا وَ دَاعِيًا اِلَيْكَ وَ دَالاًّ
عَلَيْكَ وَ حُجَّةً بَيْنَ يَدَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى الْمَعْصُوْمِيْنَ
مِنْ عِتْرَتِهٖ وَ الطَّيِّبِيْنَ مِنْ اُسْرَتِهٖ وَ شَرِّفْ لَدَيْكَ بِهٖ
مَنَازِلَهُمْ وَ عَظِّمْ عِنْدَكَ مَرَاتِبَهُمْ وَ اجْعَلْ فِى الرَّفِيْقِ

Presented by www.ziaraat.com

الْاَعْلٰی مَجَالِسَهُمْ وَ ارْفَعْ اِلٰی قُرْبِ رَسُوْلِكَ دَرَجَاتِهِمْ وَ تَمِّمْ بِلِقَآئِهٖ سُرُوْرَهُمْ وَ وَفِّرْ بِمَكَانِهٖ اُنْسَهُمْ۔

ستون توبہ کے پاس نماز و دعا

ستونِ ابولبابہ — جو ستون توبہ کے نام سے مشہور ہے — کے پاس دو رکعت نماز پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ لَا تُهِنِّيْ بِالْفَقْرِ وَ لَا تُذِلَّنِيْ بِالدَّيْنِ وَ لَا تَرُدَّنِيْ اِلَى الْهَلَكَةِ وَ اَعْصِمْنِيْ كَيْ اَعْتَصِمَ وَ اَصْلِحْنِيْ كَيْ اَنْصَلِحَ وَ اهْدِنِيْ اَهْتَدِيَ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلَى الْجِهَادِ نَفْسِيْ وَ لَا تُعَذِّبْنِيْ بِسُوْءِ ظَنِّيْ وَ لَا تُهْلِكْنِيْ وَ اَنْتَ رَجَآئِيْ وَ اَنْتَ اَهْلٌ اَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَ قَدْ اَخْطَأْتُ وَ اَنْتَ اَهْلٌ اَنْ تَعْفُوَ عَنِّيْ وَ قَدْ اَقْرَرْتُ وَ اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ فَوَفِّقْنِيْ

لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰى وَ يَسِّرْ لِيَ الْيَسِيْرَ وَ جَنِّبْنِيْ كُلَّ عَسِيْرٍ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِالْحَلَالِ عَنِ الْحَرَامِ وَ بِالطَّاعَاتِ عَنِ الْمَعَاصِيْ وَ بِالْغِنٰى عَنِ الْفَقْرِ وَ بِالْجَنَّةِ عَنِ النَّارِ وَ بِالْاَبْرَارِ عَنِ الْفُجَّارِ يَا مَنْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ وَ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرے انشاءاللہ مستجاب ہوگی۔

مسجد نبویؐ و مدینۂ منورہ میں روزہ رکھنا مستحب ہے

مستحب ہے کہ حاجات پوری ہونے کے قصد سے مدینۂ منورہ میں تین دن تک روزہ رکھے، اگرچہ مسافر ہی ہو۔ بہتر ہے بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھے۔ نیز مستحب ہے کہ رات اور بدھ کے دن ستون ابولبابہ کے پاس نماز پڑھے اور جمعرات کی رات اور جمعرات کے دن اس کے مقابل والے ستون کے پاس نماز پڑھے۔ اور شب جمعہ اور جمعہ کے دن محراب رسولؐ کے پہلو میں واقع ستون کے قریب نماز پڑھے اور اپنی دنیوی و اُخروی حاجات کو خدا سے طلب کرے اور منجملہ دیگر دعاؤں کے اِس دعا کو پڑھے:

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰهُمَّ مَا كَانَتْ اِلَيْكَ مِنْ حَاجَةٍ شَرَعْتُ اَنَا فِيْ طَلَبِهَا اَوِ الْتِمَاسٍ اَوْ لَمْ اَشْرَعْ سَاَلْتُكَهَا اَوْ لَمْ اَسْاَلْكَهَا فَاِنِّيْ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ فِيْ قَضَاءِ حَوَآئِجِيْ صَغِيْرِهَا وَ كَبِيْرِهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ وَ قُوَّتِكَ وَ قُدْرَتِكَ وَ جَمِيْعِ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَ اَنْ تَفْعَلَ بِيْ كَذَا وَ كَذَا۔

'كَذَا و كَذَا' کی جگہ اپنی حاجت طلب کرے۔ انشاءاللہ پوری ہوگی۔

مقام جبرئیلؑ کے پاس نماز ودعا

مقام جبرئیلؑ کے پاس نماز ودعا پڑھنا مستحب ہے۔ یہ وہی جگہ ہے جہاں جبرئیلؑ رسولؐ کے پاس آنے کی اجازت لیتے تھے۔ یہ جگہ حضرتِ فاطمہؑ زہراؑ کے گھر کے پرنالے کے نیچے ہے۔ آپؑ کے گھر کا دروازہ — اُن روایتوں کے رو سے کہ جن میں آپؑ کی قبر اسی گھر میں بتائی گئی — آپؑ کی قبر کے روبرو

ہے۔ اور نماز کے بعد کہے:

يَا مَنْ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَ مَلَاَهَا جُنُوْدًا مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ لَهٗ مِنْ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ الْمُمَجِّدِيْنَ لِقُدْرَتِهٖ وَ عَظَمَتِهٖ وَ اَفْرَغَ عَلٰى اَبْدَانِهِمْ حُلَلَ الْكَرَامَاتِ وَ اَنْطَقَ اَلْسِنَتَهُمْ بِضُرُوْبِ اللُّغَاتِ وَ اَلْبَسَهُمْ شِعَارَ التَّقْوٰى وَ قَلَّدَهُمْ قَلَائِدَ النُّهٰى وَ جَعَلَهُمْ اَوْفَرَ اَجْنَاسِ خَلْقِهٖ مَعْرِفَةً بِوَحْدَانِيَّتِهٖ وَ قُدْرَتِهٖ وَ جَلَالَتِهٖ وَ عَظَمَتِهٖ وَ اَكْمَلَهُمْ عِلْمًا بِهٖ وَ اَشَدَّهُمْ فَرَقًا وَ اَدْوَمَهُمْ لَهٗ طَاعَةً وَ خُضُوْعًا وَ اسْتِكَانَةً وَ خُشُوْعًا يَا مَنْ فَضَّلَ الْاَمِيْنَ جَبْرَئِيْلَ بِخَصَائِصِهٖ وَ دَرَجَاتِهٖ وَ مَنَازِلِهٖ وَ اخْتَارَهٗ لِوَحْيِهٖ وَ سِفَارَتِهٖ وَ عَهْدِهٖ وَ اَمَانَتِهٖ وَ اِنْزَالِ كُتُبِهٖ وَ اَوَامِرِهٖ عَلٰى اَنْبِيَآئِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَ جَعَلَهٗ وَاسِطَةً بَيْنَ نَفْسِهٖ وَ بَيْنَهُمْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى جَمِيْعِ مَلٰٓئِكَتِكَ وَ سُكَّانِ سَمٰوَاتِكَ اَعْلَمِ خَلْقِكَ

Presented by www.ziaraat.com

جو شخص میری زیارت کرے اور میرے چچا حمزہؓ کی زیارت نہ کرے اُس نے مجھ پر جفا کی۔

شیخ مفیدؒ لکھتے ہیں کہ رسولؐ نے حمزہؓ کی قبر کی زیارت کا حکم دیا ہے۔ آنحضرتؐ خود بھی اُن کی اور دیگر شہیدوں کی زیارت کو اہمیت دیتے تھے۔ رسولؐ

Presented by www.ziaraat.com

کی رحلت کے بعد حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا مستقل اُن کی قبر کی زیارت کے لئے جاتی تھیں۔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں یہ سنّت بن گئی تھی کہ مسلمان آنحضرتؐ کے چچا کی زیارت کے لئے جاتے تھے۔

حدیث میں ہے کہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا اپنے والد کی رحلت کے بعد ۷۵ دن زندہ رہیں اور اِس مدّت میں آپؑ کو مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔ شنبہ و جمعرات کو ہر ہفتہ شہداء کی قبروں کی زیارت کے لئے تشریف لے جاتیں اور فرماتی تھیں:

یہاں رسولؐ تھے اور اُس جگہ مشرکین تھے۔

دوسرے طریقہ سے یہ نقل ہوا ہے کہ وہاں نماز پڑھتی تھیں۔ اُحُد کے شہیدوں کی تعداد تقریباً ستّر ہے۔ منجملہ اِن کے حضرت حمزہ، عبداللہ بن جحش، مصعب بن عمیر، عمار بن زیاد اور شمّاس بن عثمان ہیں، جب حمزہؑ کی زیارت کے لئے جائے تو اِس طرح زیارت پڑھے:

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ الشُّهَدَآءِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا اَسَدَ اللّٰهِ وَ اَسَدَ رَسُوْلِهٖ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ جَاهَدْتَ فِي اللّٰهِ عَزَّ وَ

جَلَّ وَ جُدْتَ بِنَفْسِكَ وَ نَصَحْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ كُنْتَ فِيْمَا عِنْدَ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ رَاغِبًا بِاَبِيْ اَنْتَ وَ اُمِّيْ اَتَيْتُكَ مُتَقَرِّبًا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ بِذٰلِكَ رَاغِبًا اِلَيْكَ فِي الشَّفَاعَةِ اَبْتَغِيْ بِزِيَارَتِكَ خَلاَصَ نَفْسِيْ مُتَعَوِّذاً بِكَ مِنْ نَارٍ اسْتَحَقَّهَا مِثْلِيْ بِمَا جَنَيْتُ عَلٰى نَفْسِيْ هَارِبًا مِنْ ذُنُوْبِيَ الَّتِي احْتَطَبْتُهَا عَلٰى ظَهْرِيْ فَزِعًا اِلَيْكَ رَجَآءَ رَحْمَةِ رَبِّيْ اَتَيْتُكَ مِنْ شُقَّةٍ بَعِيْدَةٍ طَالِبًا فَكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ وَ قَدْ اَوْقَرَتْ ظَهْرِيْ ذُنُوْبِيْ وَ اَتَيْتُ مَا اَسْخَطَ رَبِّيْ وَ لَمْ اَجِدْ اَحَدًا اَفْزَعُ اِلَيْهِ خَيْرًا لِيْ مِنْكُمْ اَهْلَ بَيْتِ الرَّحْمَةِ فَكُنْ لِيْ شَفِيْعاً يَوْمَ فَقْرِيْ وَ حَاجَتِيْ فَقَدْ سِرْتُ اِلَيْكَ مَحْزُوْنًا وَ اَتَيْتُكَ مَكْرُوْبًا وَ سَكَبْتُ عَبْرَتِيْ عِنْدَكَ بَاكِيًا وَ صِرْتُ اِلَيْكَ مُفْرَدًا وَ اَنْتَ مِمَّنْ اَمَرَنِيَ اللّٰهُ بِصِلَتِهٖ وَ حَثَّنِيْ عَلٰى بِرِّهٖ وَ دَلَّنِيْ عَلٰى فَضْلِهٖ وَ هَدَانِيْ

Presented by www.ziaraat.com

لِحُبِّهٖ وَ رَغَّبَنِیْ فِیْ الْوِفَادَةِ اِلَیْهِ وَ اَلْهَمَنِیْ طَلَبَ
الْحَوَآئِجِ عِنْدَهٗ اَنْتُمْ اَهْلُ بَیْتٍ لاَ یَشْقٰی مَنْ تَوَلاَّکُمْ وَ لاَ
یَخِیْبُ مَنْ اَتَاکُمْ وَ لاَ یَخْسَرُ مَنْ یَهْوٰیکُمْ وَ لاَ یَسْعَدُ
مَنْ عَادَاکُمْ۔

پھر قبلہ رو ہو کر دو رکعت نماز زیارت بجالائے۔ پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ تَعَرَّضْتُ
لِرَحْمَتِكَ بِلُزُوْمِیْ لِقَبْرِ عَمِّ نَبِیِّكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ
لِیُجِیْرَنِیْ مِنْ نِقْمَتِكَ وَ سَخَطِكَ وَ مَقْتِكَ فِیْ یَوْمٍ تَكْثُرُ
فِیْهِ الْاَصْوَاتُ وَ تَشْغَلُ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا قَدَّمَتْ وَ تُجَادِلُ
عَنْ نَفْسِهَا فَاِنْ تَرْحَمْنِیْ الْیَوْمَ فَلاَ خَوْفٌ عَلَیَّ وَ لاَ
حُزْنَ وَ اِنْ تُعَاقِبْ فَمَوْلًی لَهُ الْقُدْرَةُ عَلٰی عَبْدِهٖ وَ لاَ
تُخَیِّبْنِیْ بَعْدَ الْیَوْمِ وَ لاَ تَصْرِفْنِیْ بِغَیْرِ حَاجَتِیْ فَقَدْ
لَصِقْتُ بِقَبْرِ عَمِّ نَبِیِّكَ وَ تَقَرَّبْتُ بِهٖ اِلَیْكَ ابْتِغَآءَ

مَرْضَاتِكَ وَ رَجَآءَ رَحْمَتِكَ فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ وَ عُدْ بِحِلْمِكَ
عَلٰی جَهْلِیْ وَ بِرَأْفَتِكَ عَلٰی جِنَایَةِ نَفْسِیْ فَقَدْ عَظُمَ
جُرْمِیْ وَ مَا اَخَافُ اَنْ تَظْلِمَنِیْ وَ لٰكِنْ اَخَافُ سُوْٓءَ
الْحِسَابِ فَانْظُرِ الْیَوْمَ تَقَلُّبِیْ عَلٰی قَبْرِ عَمِّ نَبِیِّكَ فَبِهِمَا
فُكَّنِیْ مِنَ النَّارِ وَ لاَ تُخَیِّبْ سَعْیِیْ وَ لاَ یَهُوْنَنَّ عَلَیْكَ
ابْتِهَالِیْ وَ لاَ تَحْجُبَنَّ عَنْكَ صَوْتِیْ وَ لاَ تَقْلِبْنِیْ بِغَیْرِ
حَوَآئِجِیْ یَا غِیَاثَ كُلِّ مَكْرُوْبٍ وَ مَحْزُوْنٍ وَ یَا مُفَرِّجًا
عَنِ الْمَلْهُوْفِ الْحَیْرَانِ الْغَرِیْقِ الْمُشْرِفِ عَلَی الْهَلَكَةِ
فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَ انْظُرْ اِلَیَّ نَظْرَةً لاَ
اَشْقٰی بَعْدَهَا اَبَدًا وَ ارْحَمْ تَضَرُّعِیْ وَ عَبْرَتِیْ وَ انْفِرَادِیْ
فَقَدْ رَجَوْتُ رِضَاكَ وَ تَحَرَّیْتُ الْخَیْرَ الَّذِیْ لاَ یُعْطِیْهِ
اَحَدٌ سِوَاكَ فَلاَ تَرُدَّ اَمَلِیْ اَللّٰهُمَّ اِنْ تُعَاقِبْ فَمَوْلًی لَهُ
الْقُدْرَةُ عَلٰی عَبْدِهٖ وَ جَزَآئِهٖ بِسُوْٓءِ فِعْلِهٖ فَلاَ اَخِیْبَنَّ الْیَوْمَ

Presented by www.ziaraat.com

وَ لاَ تَصْرِفْنِیْ بِغَیْرِ حَاجَتِیْ وَ لاَ تُخَیِّبَنَّ شُخُوْصِیْ وَ
وِفَادَتِیْ فَقَدْ اَنْفَدْتُ نَفَقَتِیْ وَ اَتْعَبْتُ بَدَنِیْ وَ قَطَعْتُ
الْمَفَازَاتِ وَ خَلَّفْتُ الْاَهْلَ وَ الْمَالَ وَ مَا خَوَّلْتَنِیْ وَ
آثَرْتُ مَا عِنْدَكَ عَلٰی نَفْسِیْ وَ لُذْتُ بِقَبْرِ عَمِّ نَبِیِّكَ صَلَّی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَ تَقَرَّبْتُ بِهٖ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِكَ فَعُدْ
بِحِلْمِكَ عَلٰی جَهْلِیْ وَ بِرَافَتِكَ عَلٰی ذَنْبِیْ فَقَدْ عَظُمَ
جُرْمِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ۔

شہداءِ اُحُد کی زیارت

ہجرت کے تیسرے سال، مدینہ کے شمال میں کوہ اُحُد کے دامن میں مسلمانوں اور کفّار کے درمیان ایک جنگ ہوئی، پہلے مسلمانوں کی فتح ہوئی اور پھر جب ایک گروہ نے اپنے رہبر کے حکم سے غفلت کی تو ستّر مسلمان شہید ہوگئے، اُن میں سے ایک سید الشہداء جناب حمزہؓ بھی تھے۔ شہدائے اُحُد — جو کہ اُحُد ہی میں دفن ہیں — کی زیارت اس طرح پڑھے:

اَلسَّلاَمُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلٰی نَبِیِّ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ
عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلٰی اَهْلِ بَیْتِهٖ
الطَّاهِرِیْنَ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکُمْ اَیُّهَا الشُّهَدَآءُ الْمُؤْمِنُوْنَ
اَلسَّلاَمُ عَلَیْکُمْ یَا اَهْلَ بَیْتِ الْاِیْمَانِ وَ التَّوْحِیْدِ اَلسَّلاَمُ
عَلَیْکُمْ یَا اَنْصَارَ دِیْنِ اللّٰهِ وَ اَنْصَارَ رَسُوْلِهٖ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ
السَّلاَمُ سَلاَمٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ اَشْهَدُ
اَنَّ اللّٰهَ اخْتَارَکُمْ لِدِیْنِهٖ وَ اصْطَفَاکُمْ لِرَسُوْلِهٖ وَ اَشْهَدُ
اَنَّکُمْ قَدْ جَاهَدْتُمْ فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ وَ ذَبَبْتُمْ عَنْ دِیْنِ
اللّٰهِ وَ عَنْ نَبِیِّهٖ وَ جُدْتُمْ بِاَنْفُسِکُمْ دُوْنَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّکُمْ
قُتِلْتُمْ عَلٰی مِنْهَاجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَجَزَاکُمُ اللّٰهُ عَنْ نَبِیِّهٖ وَ
عَنِ الْاِسْلاَمِ وَ اَهْلِهٖ اَفْضَلَ الْجَزَآءِ وَ عَرَّفَنَا وُجُوْهَکُمْ فِیْ
مَحَلِّ رِضْوَانِهٖ وَ مَوْضِعِ اِکْرَامِهٖ مَعَ النَّبِیِّیْنَ وَ الصِّدِّیْقِیْنَ
وَ الشُّهَدَآءِ وَ الصَّالِحِیْنَ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِیْقًا اَشْهَدُ

Presented by www.ziaraat.com

اَنَّکُمْ حِزْبُ اللّٰہِ وَ اَنَّ مَنْ حَارَبَکُمْ فَقَدْ حَارَبَ اللّٰہَ وَ اَنَّکُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ الْفَآئِزِیْنَ الَّذِیْنَ ھُمْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ یُرْزَقُوْنَ فَعَلٰی مَنْ قَتَلَکُمْ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ اَتَیْتُکُمْ یَا اَھْلَ التَّوْحِیْدِ زَآئِرًا وَ بِحَقِّکُمْ عَارِفًا وَ بِزِیَارَتِکُمْ اِلَی اللّٰہِ مُتَقَرِّبًا وَ بِمَا سَبَقَ مِنْ شَرِیْفِ الْاَعْمَالِ وَ مَرْضِیِّ الْاَفْعَالِ عَالِمًا فَعَلَیْکُمْ سَلاَمُ اللّٰہِ وَ رَحْمَتُہٗ وَ بَرَکَاتُہٗ وَ عَلٰی مَنْ قَتَلَکُمْ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَ غَضَبُہٗ وَ سَخَطُہٗ اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِزِیَارَتِھِمْ وَ ثَبِّتْنِیْ عَلٰی قَصْدِھِمْ وَ تَوَفَّنِیْ عَلٰی مَا تَوَفَّیْتَھُمْ عَلَیْہِ وَ اجْمَعْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَھُمْ فِیْ مُسْتَقَرِّ دَارِ رَحْمَتِكَ اَشْھَدُ اَنَّکُمْ لَنَا فَرَطٌ وَ نَحْنُ بِکُمْ لاَحِقُوْنَ۔

اور جہاں تک ہوسکے سورۂ قدر کی تلاوت کرے۔ بعض حضرات نے لکھا ہے کہ ہر مزار کے پاس دو رکعت نماز بجالائے بنابرایں مناسب ہے کہ قریب

ترین مسجد میں جائے اور رجاء مطلوبیت وثواب کی نیت سے دو رکعت نماز بجالائے۔

زیارتِ وداع رسولِ اکرمؐ

جب مدینہ سے باہر نکلنے کا قصد کرے تو غسل کرکے قبر رسولؐ کے پاس جائے اور وہی اعمال بجالائے جو اس سلسلہ میں بیان ہوچکے ہیں۔ بس آں حضرتؐ کو وداع کرے اور کہے:

اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَسْتَوْدِعُكَ اللّٰہَ وَ اَسْتَرْعِیْكَ وَ اَقْرَءُ عَلَیْكَ السَّلاَمَ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَ بِمَا جِئْتَ بِہٖ وَ دَلَلْتَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ لاَ تَجْعَلْہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنِّیْ لِزِیَارَۃِ قَبْرِ نَبِیِّكَ فَاِنْ تَوَفَّیْتَنِیْ قَبْلَ ذٰلِكَ فَاِنِّیْ اَشْھَدُ فِیْ مَمَاتِیْ عَلٰی مَا شَھِدْتُ عَلَیْہِ فِیْ حَیٰوتِیْ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَ رَسُوْلُكَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ۔

امام صادق علیہ السلام نے قبر رسولؐ سے وداع ہونے کے بارے میں

Presented by www.ziaraat.com

یونس بن یعقوب سے فرمایا کہ اِس طرح وداع کرو:

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ لاَ جَعَلَہُ اللّٰہُ آخِرَ تَسْلِیْمِیْ عَلَیْکَ۔

دوسرا طریقہ بھی بیان ہوا ہے وہ یہ کہ جب مدینۂ منوّرہ سے باہر نکلنے کا قصد کرے تو تمام اعمال بجالانے کے بعد غسل کرے، پاک وصاف لباس پہنے اور رسولؐ کی زیارت کرے اور آنخضرتؐ سے وداع ہوتے وقت اس طرح کہے:

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ اَیُّھَا الْبَشِیْرُ النَّذِیْرُ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ اَیُّھَا السِّرَاجُ الْمُنِیْرُ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ اَیُّھَا السَّفِیْرُ بَیْنَ اللّٰہِ وَ بَیْنَ خَلْقِہٖ اَشْھَدُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَنَّکَ کُنْتَ نُوْرًا فِی الْاَصْلاَبِ الشَّامِخَۃِ وَ الْاَرْحَامِ الْمُطَھَّرَۃِ لَمْ تُنَجِّسْکَ الْجَاھِلِیَّۃُ بِاَنْجَاسِھَا وَ لَمْ تُلْبِسْکَ مِنْ مُّدْلَھِمَّاتِ ثِیَابِھَا وَ اَشْھَدُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَنِّیْ مُؤْمِنٌ بِکَ وَ بِالْاَئِمَّۃِ مِنْ اَھْلِ بَیْتِکَ مُؤْقِنٌ بِجَمِیْعِ مَا اَتَیْتَ بِہٖ

رَاضٍ مُؤْمِنٌ وَ اَشْھَدُ اَنَّ الْاَئِمَّۃَ مِنْ اَھْلِ بَیْتِکَ اَعْلاَمُ الْھُدٰی وَ الْعُرْوَۃُ الْوُثْقٰی وَ الْحُجَّۃُ عَلٰی اَھْلِ الدُّنْیَا اَللّٰھُمَّ لاَ تَجْعَلْہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنْ زِیَارَۃِ نَبِیِّکَ عَلَیْہِ وَ اٰلِہِ السَّلاَمُ وَ اِنْ تَوَفَّیْتَنِیْ فَاِنِّیْ اَشْھَدُ فِیْ مَمَاتِیْ عَلٰی مَا اَشْھَدُ عَلَیْہِ فِیْ حَیٰوتِیْ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ وَحْدَکَ لاَ شَرِیْکَ لَکَ وَ اَنَّ مُحَمَّدً عَبْدُکَ وَ رَسُوْلُکَ وَ اَنَّ الْاَئِمَّۃَ مِنْ اَھْلِ بَیْتِہٖ اَوْلِیَآؤُکَ وَ اَنْصَارُکَ وَ حُجَجُکَ عَلٰی خَلْقِکَ وَ خُلَفَآؤُکَ فِیْ عِبَادِکَ وَ اَعْلاَمُکَ فِیْ بِلاَدِکَ وَ خُزَّانُ عِلْمِکَ وَ حَفَظَۃُ سِرِّکَ وَ تَرَاجِمَۃُ وَحْیِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ بَلِّغْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّکَ وَ اٰلِہٖ فِیْ سَاعَتِیْ ھٰذِہٖ وَ فِیْ کُلِّ سَاعَۃٍ تَحِیَّۃً مِّنِّیْ وَ سَلاَمًا وَ السَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ۔

Presented by www.ziaraat.com

پھر پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ لاَ تَجْعَلْہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنْ زِیَارَۃِ قَبْرِ نَبِیِّكَ فَاِنْ تَوَفَّیْتَنِیْ قَبْلَ ذٰلِكَ فَاِنِّیْ اَشْھَدُ فِیْ مَمَاتِیْ عَلٰی مَا اَشْھَدُ عَلَیْہِ فِیْ حَیَاتِیْ اَنْ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَ رَسُوْلُكَ وَ اَنَّكَ قَدِ اخْتَرْتَہٗ مِنْ خَلْقِكَ ثُمَّ اخْتَرْتَ مِنْ اَھْلِ بَیْتِہِ الْاَئِمَّۃَ الطَّاھِرِیْنَ الَّذِیْنَ اَذْھَبْتَ عَنْھُمُ الرِّجْسَ وَ طَھَّرْتَھُمْ تَطْھِیْرًا فَاحْشُرْنَا مَعَھُمْ وَ فِیْ زُمْرَتِھِمْ وَ تَحْتَ لِوَآئِھِمْ وَ لاَ تُفَرِّقْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَھُمْ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ لاَ جَعَلَہُ اللّٰہُ اٰخِرَ تَسْلِیْمِیْ عَلَیْكَ۔

زیارت وداعِ ائمہ بقیع علیہم السلام

مرحوم شیخ طوسیؒ اور سیّد ابن طاؤسؒ نے فرمایا ہے کہ جب ائمہ بقیع علیہم السلام کو وداع کرنا چاہے تو کہے:

اَلسَّلاَمُ عَلَیْكُمْ اَئِمَّۃَ الْھُدٰی وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَكَاتُہٗ اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰہَ وَ اَقْرَءُ عَلَیْكُمُ السَّلاَمَ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَ بِالرَّسُوْلِ بِمَا جِئْتُمْ بِہٖ وَ دَلَلْتُمْ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاھِدِیْنَ۔

پھر جہاں تک ہو سکے دعا کرے اور خدا سے دعا کرے کہ تمہیں دوبارہ اُن کی زیارت سے مشرف کرے اور یہ کہ یہ تمہاری آخری زیارت اور آخری زمانہ قرار نہ پائے۔

Presented by www.ziaraat.com

مکہ مکرّمہ کے متبرک اماکن

حدودِ حرم

مکہ معظّمہ کے اطراف کے محدود علاقہ کو حرم کہتے ہیں۔ حرم سے مکہ کے چاروں طرف وہ جگہ مراد ہے کہ جہاں سے احرام کے بغیر نہیں گذرا جا سکتا۔ خداوند عالم نے اِس حد کو انسانوں، حیوانات اور نباتات کے لئے جائے امن قرار دیا ہے۔ حرم کی حدود اِس طرح ہیں:

۱۔ شمال کی جانب سے مسجد تنعیم ہے جو کہ مدینہ کے راستہ میں مسجد الحرام سے تقریباً چھ کیلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے۔

۲۔ جنوب کی سمت سے 'اضاءۃ لبن' ہے، یہ یمن کے راستہ پر واقع اور مسجد الحرام سے تقریباً بارہ کیلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔

۳۔ مشرق کی جانب سے 'جعرانہ' ہے۔ یہ طائف کے راستہ پر واقع ہے یہاں سے رسولؐ نے عمرہ کے لئے احرام باندھا تھا۔

۴۔ مغرب کی طرف سے 'حدیبیہ' کا علاقہ — شمیسی — ہے۔ یہ جدہ کے راستہ کے کنارے پر ہے۔ یہی بیعت رضوان کی جگہ ہے۔

فقہ میں حرم کے کچھ احکام ہیں، جن پر حجاج اور اُس سرزمین پر وارد ہونے والوں کو توجہ رکھنی چاہیئے۔ یہ احکام فقہی کتابوں اور مناسک میں مرقوم ہیں۔

شہر مکّہ کی بعض مساجد

شہر مکہ میں مسجد الحرام کے علاوہ اور بہت سی تاریخی مساجد ہیں منجملہ اِن کے یہ ہیں:

۱۔ مسجد الجن

اسی جگہ رسولؐ پر سورۂ جن نازل ہوا تھا، یہ مسجد بازارِ ابوسفیان کے قریب ہے۔ سزاوار ہے کہ اِس میں دو رکعت نمازِ تحیت پڑھی جائے۔

۲۔ مسجد الرایہ

فتح مکہ کے بعد رسول اکرمؐ نے حکم دیا کہ یہاں فتحیابی کا پرچم نصب کیا جائے، اِسی مناسبت سے یہاں ایک مسجد تعمیر کی گئی جسے مسجد الرایہ کہتے

Presented by www.ziaraat.com

ہیں۔

مسجد الحرام اور خصوصیات کعبہ

مسجد الحرام نہایت ہی با عظمت مسجد ہے، فضیلت میں بے نظیر ہے۔ نہایت ہی پر کیف منظر کی حامل ہے۔ اس میں ایک نماز دوسری مساجد کی ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہے۔ لہٰذا وقت کو غنیمت سمجھتے ہوئے مسجد الحرام کی معنوی فضیلت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائے۔

کعبہ مسجد الحرام کے وسط میں واقع ہے، عمارت سادہ اور مکعب شکل کی ہے جو ۱۵ ر میٹر اونچی ہے۔

کعبہ کو دیکھے تو کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَظَّمَكِ وَ شَرَّفَكِ وَ جَعَلَكِ مَثَابَةً لِلنَّاسِ وَ اَمْنًا مُبَارَكًا وَ هُدًی لِلْعَالَمِیْنَ۔

ارکانِ کعبہ

رکن مشرقی

اس میں حجر اسود نصب ہے۔

رکن غربی

طواف کے دوران حجر اسماعیل سے گذرتے ہی اس پر پہنچتے ہیں۔

رکن جنوبی

یہ رکنِ یمانی کے نام سے مشہور ہے، رکن غربی کے بعد رکن شرقی کے مقابل ہے۔ یہ وہی رکن ہے جس کے بارے میں امام صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے:

اَلرُّكْنُ الْيَمَانِیُ بَابُنَا الَّذِیْ نَدْخُلُ مِنْهُ الْجَنَّةَ۔

Presented by www.ziaraat.com

حجر اسود

سیاہ رنگ اور بیضوی شکل کا ایک پتھر ہے جو کعبہ کے رکن شرقی میں نصب ہے۔ اسے حضرتِ ابراہیم علیہ السلام نے نصب کیا تھا، اسی کو 'حجر اسود' کہا جاتا ہے۔ یہ پتھر سطع زمین سے ڈیڑھ میٹر اونچا ہے۔

ملتزم

حجر اسود اور در کعبہ کے درمیان ہے۔ یہ دعا و استغفار کی جگہ ہے۔

مستجار

رکن یمانی کے قریب اور در کعبہ کے مقابل ایک جگہ ہے جہاں گناہگار پناہ لیتے ہیں۔ مستحب ہے کہ انسان 'مستجار' کو مس کرے اور یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ الْبَیْتُ بَیْتُكَ وَ الْعَبْدُ عَبْدُكَ وَ ھٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ۔

پھر خدا سے طلبِ مغفرت کرے۔

ناودانِ رحمت

خانہ کعبہ کے اوپر حجر اسماعیل کی طرف ہے یہ نزول رحمت اور استغفار و تضرع کی جگہ ہے۔

حطیم

درِ کعبہ اور حجرِ اسود کے درمیان ہے۔ اسے حطیم اس لئے کہتے ہیں کہ لوگ یہاں حجرِ اسود کو مس کرنے کے لئے ایک دوسرے پر ٹوٹتے ہیں۔

بعض لوگوں نے کہا ہے کہ حطیم نصب دائرہ کی صورت والی اُس دیوار کو کہتے ہیں، جس کے حصار میں حجرِ اسماعیل ہے۔ یہ خانہ کعبہ کے شمالی و غربی دو زاویوں کے بیچ میں ۱۳۱/۱ میٹر اونچی ہے۔ عرض میں اوپر سے نیچے کی طرف ۵۲/۱۱ اور نیچے سے ۴۴/۱ میٹر ہے اور وسطی حصہ سے دیوار خانہ تک مسافت تقریباً دس میٹر ہے۔

حجر اسماعیل

یہ ایک نیم دائرہ، ایک میٹر ۳۰ رسنٹی میٹر اونچی دیوار کے اندر جگہ ہے، جو کعبہ کے شمال میں واقع ہے۔ اِس میں حضرت اسماعیل علیہ السلام اور اُن کی

Presented by www.ziaraat.com

والدہ ہاجرہ کی قبریں ہیں۔ بعض روایتوں کی بنا پر چند انبیاء علیہم السلام کی قبور بھی اس جگہ پر واقع ہیں۔

مقام ابراہیم علیہ السلام

یہ کعبہ کے نزدیک اُس سے ۱۳ ؍میٹر کے فاصلہ پر ایک جگہ ہے۔ یہاں پر ایک چھوٹا سا گنبد بنا ہوا ہے جس کے چاروں طرف شیشہ لگا ہوا ہے۔ اُس کے اندر ایک پتھر ہے۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے اِس پتھر پر کھڑے ہو کر لوگوں کو خدا کی طرف دعوت دی تھی اور اُس پتھر پر اُن کے پائے مبارک کے اثر موجود ہیں۔ حجاج کرام اپنی نماز ِطواف کو اِس مقام کے پیچھے بجالاتے ہیں۔

زمزم

پانی کے ایک کنویں کا نام ہے جسے خدا نے اپنے لطف سے حضرت اسماعیلؑ کے پیروں کے نیچے جاری کیا۔ حوادث کی وجہ سے طولِ تاریخ میں بار ہا اِس کی مرمت ہوئی ہے۔ چنانچہ بیت اللہ الحرام کے حاجی آج بھی اِس سے سیراب ہوتے ہیں۔ اِس کے پانی پر رسول اکرمؐ کی خاص توجہ تھی۔ مؤمنین نے ہمیشہ اِسے بابرکت سمجھا ہے۔ آب زمزم بابرکت اور شفا کا باعث ہے۔

رسول اکرمؐ نے مدینہ میں آبِ زمزم طلب کیا اور روایت میں وارد ہوا

۱۳۹

ہے کہ جب تم آبِ زمزم پیو تو کہو:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ عِلْمًا نَافِعًا وَ رِزْقًا وَاسِعًا وَ شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَآءٍ وَ سُقْمٍ۔

نماز طواف کے بعد آبِ زمزم پینا مستحب ہے۔

صفا و مروہ

صفا کعبہ کی مشرقی جنوب میں اور مروہ اُس کے مشرقی شمال میں ہے۔

صفا و مروہ کا منظر پُر کیف و حسین ہے۔ مردوں کے لئے مستحب ہے کہ وہ تقریباً ستر میٹر ہرولہ کی صورت میں سعی کریں۔ ہرولہ کی حدود سبز رنگ کے چراغ سے معین کی گئی ہے۔

شق القمر اور کوہِ ابوقبیس پر دعا

کوہ ابوقبیس مسجد الحرام سے نزدیک اور کوہ صفا کے اوپر ہے، اِس پر دعا مستجاب ہوتی ہے۔ یہاں چند پیغمبر مدفون ہیں۔ معجزۂ شق القمر بھی اِسی جگہ پیش آیا تھا۔

اس جگہ یہ دعا پڑھے:

۱۴۰

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نَبِیٍّ ھَلَّلَ وَ كَبَّرَ وَ حَجَّ وَ اعْتَمَرَ وَ انْشَقَّ لَهُ الْقَمَرُ وَ بِدِیْنِ اللّٰهِ اَمَرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَوْدَعْتُ فِیْ ھٰذَا الْمَحَلِّ الشَّرِیْفِ مِنْ یَوْمِنَا ھٰذَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ خَالِصًا مُخْلِصًا اَشْھَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔

نیز کوہِ ابوقبیس کے اوپر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا كَامِلًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِیْ وَ یَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَنْ یُصِیْبَنِیْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِیْ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَوْدَعْتُ فِیْ ھٰذَا الْمَحَلِّ الشَّرِیْفِ مِنْ یَوْمِنَا ھٰذَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ خَالِصًا مُخْلِصًا اَشْھَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔

حضرتِ خدیجہ علیہا السلام کا گھر

اِسی گھر میں رسولؐ اور ام المؤمنین خدیجہؑ زندگی بسر کرتی تھیں۔ اِسی گھر میں آپؐ کی دختر فاطمہؑ زہراء سلام اللہ علیہا نے ولادت پائی، حضرت خدیجہؑ کا انتقال بھی اِسی میں ہوا، ہجرت تک رسولؐ کا مسکن بھی یہی تھا، جبرئیل امین بھی چند بار اس میں نازل ہوئے ہیں۔ اِس میں قبہ وحی واقع ہے۔ اِسی گھر میں رسولِ اکرمؐ راتوں کو قاضی الحاجات سے مناجات کرتے تھے، کفار قریش نے اِسی جگہ آپؐ کو قتل کرنے کی سازش کی تھی۔ اِسی میں حضرت علی علیہ السلام رسولؐ کے بستر پر لیٹے اور راہ خدا میں جانفشانی کے لئے آمادہ ہوئے تھے، بیت اللہ الحرام کے زائرین کے لئے سزاوار ہے کہ خانہ خدیجہ سلام اللہ علیہا کی جگہ یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِالْبُضْعَةِ الزَّھْرَآءِ وَ اَوْلَادِھَا الْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ یَسِّرْ اُمُوْرَنَا وَ اشْرَحْ صُدُوْرَنَا وَ اخْتِمْ بِالصَّالِحَاتِ اَعْمَالَنَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَوْدَعْتُ فِیْ ھٰذَا الْمَحَلِّ الشَّرِیْفِ مِنْ یَوْمِنَا ھٰذَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ اَشْھَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔

Presented by www.ziaraat.com

ارقم بن ابی ارقم کا گھر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خفیہ طریقہ سے دعوت دینے کے لئے کچھ مسلمانوں کے ساتھ ارقم بن ابی ارقم کے گھر میں لوگوں کو جمع کرتے تھے اِس خفیہ دعوت کا سلسلہ چار سال تک جاری رہا، یہاں تک کہ خدا نے آپؐ کو حکم دیا۔

وَ اَنۡذِرۡ عَشِیۡرَتَکَ الۡاَقۡرَبِیۡنَ۔

ارقم کا گھر کوہِ صفا کے کنارے تھا، جس کو منہدم کر دیا گیا۔ مہاجرین کے ساتھ ارقم نے بھی مدینہ ہجرت کی اور تقریباً ۵۵ھ میں انتقال کیا اور بقیع میں دفن ہوئے۔

شعبِ ابی طالب

شعب، بازار ابوسفیان کے روبرو مشہور جگہ ہے۔ مورخین نے نقل کیا ہے کہ قریش کے چالیس سربراہ 'دار الندوہ' میں جمع ہوئے، ایک عہد نامہ لکھا اور یہ طے کیا کہ خاندان ابوطالب سے کوئی بھی تعلق نہیں رکھے گا۔ شعب ایک درّہ تھا کہ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر مسلمان اقتصادی مشکلات اور اذیتوں سے بچنے کے لئے سکونت پذیر ہوگئے تھے۔ آخر کار تین سال بعد مشرکین کے پانچ افراد کے پشیمان ہو جانے کی بنا پر یہ عہد نامہ چاک کر دیا گیا۔

رسول اکرمؐ کی جائے ولادت

سوق اللّیل کے نزدیک ایک میدان ہے، وہیں ایک کتابخانہ — 'مکتبۃ مکۃ المکرّمۃ' — ہے۔ اِس بقعہ نور سے رسولِ اکرمؐ کے نور نے دنیا کو منوّر کیا۔ اِسی جگہ ایک مدت تک آپؐ نے دامن آمنہ میں پرورش پائی۔ اِس جگہ حجّاجِ محترم یہ دعا پڑھتے ہیں:

اَللّٰهُمَّ بِجَاهِ نَبِیِّكَ الْمُصْطَفٰی وَ رَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰی وَ اَمِیْنِكَ عَلٰی وَحْیِ السَّمَآءِ وَ طَهِّرْ قُلُوْبَنَا مِنْ كُلِّ وَصْفٍ یُبَاعِدُنَا عَنْ مُشَاهَدَتِكَ وَ مَحَبَّتِكَ وَ اَمِتْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَی السُّنَّةِ وَ الْجَمَاعَةِ عَلٰی مُوَالَاةِ اَوْلِیَآئِكَ وَ مُعَادَاةِ اَعْدَآئِكَ وَ الشَّوْقِ اِلٰی لِقَآئِكَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَوْدَعْتُ فِیْ هٰذَا الْمَحَلِّ الشَّرِیْفِ مِنْ یَوْمِنَا هٰذَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ خَالِصًا مُخْلِصًا اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔

Presented by www.ziaraat.com

غارِ حراء

حراء مکہ کے نزدیک پہاڑ ہے، اِس میں ایک غار ہے۔ بعثت سے پہلے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِسی میں غور وفکر اور خدا کی عبادت کرتے اور ہر فرصت کے وقت حراء جاتے اور اِس کی بلندی سے رحمتِ الٰہی کے آسمان کی طرف دیکھتے تھے، یہاں تک کہ ۲۷/رجب کو آپؐ پر جبرئیلؑ نازل ہوئے اور سورہ ٔ 'اِقْرَا بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ' کے نازل ہونے سے آنحضرتؐ مبعوث بہ رسالت ہوئے۔ اِس پہاڑ کو جبل النّور بھی کہتے ہیں۔ اگر زائر غارِ حراء کو دیکھنے میں کامیاب ہوجائے تو بہتر ہے اِس جگہ پر دو رکعت نماز پڑھ کر آنحضرتؐ کو ہدیہ کرے اور دور سے پڑھی جانے والی آپؐ کی زیارت پڑھے جو کہ اِسی کتاب میں مرقوم ہے۔ اور رسولؐ کی زحمتوں اور مشقتوں کو یاد کرے۔

غارِ ثور

مکہ سے باہر اور مسجد الحرام سے تقریباً دو فرسخ کے فاصلے پر ایک پہاڑ ہے۔ اِس میں ایک غار ہے۔ ہجرت کے دوران رسولؐ اِسی میں چھپے تھے۔ اِس پہاڑ کو 'جبل الثور' کہتے ہیں۔ اِس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ایک زمانہ تک اس پر 'ثور بن عبد مناف' نے قیام کیا تھا۔

مرحوم شیخ انصاری —قدس سرہ— نے مناسک میں کوہِ ثور کے لئے یہ دعا نقل کی ہے۔ رجاء کی نیت سے پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بِجَاهِ مُحَمَّدٍ وَ اَمِیْنِهٖ وَ صِدِّیْقِهٖ یَسِّرْ اُمُوْرَنَا وَ اشْرَحْ صُدُوْرَنَا وَ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا وَ اخْتِمْ بِالْخَیْرِ اُمُوْرَنَا اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَ عَلاَنِیَتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ وَ تَعْلَمُ حَاجَتِیْ وَ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّهٗ لاَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلاَّ اَنْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَوْدَعْتُ فِیْ هٰذَا الْمَحَلِّ الشَّرِیْفِ مِنْ یَوْمِنَا هٰذَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ خَالِصًا مُخْلِصًا اِنِّیْ اَشْهَدُ اَنْ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔

عرفات

عرفات، مکہ کے شمال میں —۲۱ کلومیٹر کے فاصلہ پر— ایک ہموار اور وسیع بیابان ہے جو کہ حدِّ حرم سے خارج ہے۔

عرفات وہ سرزمین ہے جہاں طویل جدائی کے بعد آدمؑ و حواء کی ایک

Presented by www.ziaraat.com

دوسرے سے ملاقات ہوئی اور ایک دوسرے سے آشنا ہوئے۔

عرفات وہ سرزمین ہے جہاں آدمؑ نے اپنے ترک اولیٰ کا اعتراف کیا۔

عرفات وہ سرزمین ہے جہاں دعا مستجاب ہوتی ہے، کوہ عرفات کو 'جبل الرّحمہ' بھی کہتے ہیں۔ اِسی پہاڑ کے کنارے امام حسین علیہ السلام نے دعائے عرفہ پڑھی تھی۔

عرفات میں وقوف، حج کے ارکان میں سے ہے۔ اِس کے مستحبات اور دعائیں بعد میں بیان ہوں گے۔

مزدلفہ (مشعر الحرام)

سمت عرفات میں مأزَمین کی حد سے، سمت منٰی میں وادیٔ مُحسَّر تک 'مزدلفہ' یا 'مشعر الحرام' کہتے ہیں۔ گذشتہ برسوں میں مشعر الحرام کی حدود پر علامت گذاری کی گئی ہے۔ ذی الحجہ کی دسویں رات طلوعین (طلوع فجر وطلوع آفتاب) کے درمیان مشعر الحرام میں وقوف حج کے ارکان میں سے ہے۔ مشعر کے مستحبات اور دعائیں بعد میں بیان ہوں گے۔

منٰی

منٰی، وادی محشر اور جمرۂ عقبہ کے درمیان کی سرزمین ہے جو کہ حرم کا جزء

ہے اور مکہ و مشعر الحرام کے مشرق میں واقع ہے۔ جمرۂ عقبہ — مکہ کی حد آخر — سے مزدلفہ کی طرف وادیٔ محشر تک منٰی ہے۔ اس کی لمبائی تقریباً ۳۶۰۰ میٹر ہے۔

اِس جگہ کو منٰی کہنے کی ایک وجہ یہ ہے کہ اِسی حصار میں جبرائیلؑ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہ پیغام پہنچایا کہ خدا پر امید رکھو۔

مسجد خیف

جو کہ باعظمت مساجد میں سے ایک ہے منٰی میں واقع ہے۔

رمیٔ جمرات، قربانی، سرمنڈانا یا تھوڑے سے بال یا ناخن کاٹنا، گیارہویں وبارہویں ذی الحجہ اور بعض موارد پر تیرہویں ذی الحجہ کو شب بسر کرنا، ایسے اعمال ہیں جنھیں منٰی میں انجام پانا چاہیئے۔

منٰی اور مسجد خیف کے مستحب اعمال پہلے بیان کئے جا چکے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

اعمال وآدابِ مکّہ مکرّمہ

حج اسلام کی نظر میں

اِنَّ اَوَّلَ بَیۡتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیۡ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّ ھُدًی لِّلۡعٰلَمِیۡنَ۔ فِیۡہِ اٰیٰتٌ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبۡرٰھِیۡمَ وَ مَنۡ دَخَلَہٗ کَانَ اٰمِنًا وَ لِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الۡبَیۡتِ مَنِ اسۡتَطَاعَ اِلَیۡہِ سَبِیۡلًا وَ مَنۡ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ عَنِ الۡعٰلَمِیۡنَ۔

(سورہ آل عمران، آیت ۹۶-۹۷)

حج کے معنی لغت میں 'قصد' اور شرع کی اصطلاح میں 'خدا کے گھر کی زیارت' اور مخصوص اعمال ومناسک انجام دینے کے ہیں۔

حج، کہ جس کے معنی خدا کے گھر کی زیارت اور مخصوص اعمال ومناسک انجام دینے کے ہیں، اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک ہے۔ فریقین کے علماء کا اتفاق ہے کہ حج ضروریاتِ دین میں سے ہے اور اُس کا منکر کافر ہے۔

لہٰذا حج ترک کرنے والا خدا کی نظر میں مقہور ہے۔ ارشاد ہے۔

"مستطیع پر خدا نے بیت اللہ الحرام کا حج واجب کیا ہے، پھر جو شخص — یہ فریضہ ترک کرے — خدا سے پھر جائے تو خدا دنیا والوں سے بے نیاز ہے۔"

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنۡ سَوَّفَ الۡحَجَّ حَتّٰی یَمُوۡتَ بَعَثَہُ اللّٰہُ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ یَھُوۡدِیًّا اَوۡ نَصۡرَانِیًّا۔

(وسائل الشیعہ ج ۵، ح ۲۱، چاپ اسلامیہ تہران)

"جو شخص حج کرنے میں اتنی تاخیر کرے کہ اسے موت آجائے تو روز قیامت خدا اسے یہود ونصاریٰ کے ساتھ محشور کرے گا۔"

امیر المؤمنینؑ نے اپنے وصیت نامہ میں فرمایا ہے:

وَ اللّٰہَ اللّٰہَ فِیۡ بَیۡتِ رَبِّکُمۡ فَلَا تُخَلُّوۡہُ مَا بَقِیۡتُمۡ فَاِنَّہٗ اِنۡ تُرِکَ لَمۡ تُنَاظَرُوۡا۔

(نہج البلاغہ، نامہ ۴۷؛ وسائل الشیعہ ج ۵، ح ۱۵)

Presented by www.ziaraat.com

جب تک تم باقی ہو خدارا اپنے پروردگار کے گھر کو خالی نہ چھوڑنا اگر حج اور خدا کے گھر کی زیارت ترک کردی گئی تو تم بغیر مہلت کے دردناک عذاب میں مبتلا ہو جاؤ گے۔

حج میں دعا پر توجہ

ہم پہلے بھی اس بات کی طرف اشارہ کر چکے ہیں کہ حج، اسلام کی عظیم عبادات میں سے ایک ہے اور ہر عبادت کا ایک ظاہر اور ایک باطن ہوتا ہے۔ عبادات کا باطن، خالص توجہ، مستقل قلبی لگاؤ اور مسلسل احتیاط ہے، کہ بندہ خود کو رب العالمین کے سامنے محسوس کرتا ہے۔

اِس بنا پر اسلام کے عظیم پیشواؤں کی زبان میں دعا کو: 'مُخُّ الْعِبَادَةِ' 'اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ' 'سِلاَحُ الْمُؤْمِنْ' 'عَمُوْدُ الدِّیْنِ' 'نُوْرُ السَّمَوَاتِ وَ الْاَرْضِ' 'تُرْسُ الْمُؤْمِنْ' 'سِلاَحُ الْاَنْبِیَآءِ' مَفَاتِیْحُ النَّجَاحِ' وَ 'مَقَالِیْدُ الْفَلاَحِ' کہا گیا ہے۔

مرحوم کلینیؒ نے کافی میں اپنی اسناد سے زرارہ سے آیۂ:

اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَھَنَمَ دَاخِرِیْنَ۔

کے ذیل میں امام محمد باقر علیہ السلام کا قول نقل کیا ہے کہ آیت میں وارد لفظ عبادت سے مراد دعا ہے۔ اِس کے بعد فرماتے ہیں:

وَ اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ الدُّعَاءُ۔

بہترین عبادت دعا ہے۔

(اصول کافی ج ۲ ص ۴۶۷؛ طبع آخوندی و سورہ الغافر آیت ۶۰)

انبیاءِ خدا، ائمہ معصومینؑ اور بزرگانِ اسلام کی معنوی زندگی کے طرز کے سلسلہ میں جو چیز ہم تک پہنچی ہے وہ اِس بات کی تائید کرتی ہے کہ انسان کا بلند ترین رتبہ مقام عبودیت ہے کہ اس سے حضرت ذوالجلال کی بندگی کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔

عبادت کا شیرین ترین اور حقیقی مرحلہ وہ ہے کہ جب خدا اور بندہ کے درمیان رابطہ ایجاد ہوتا ہے، اسے تضرع و توبہ کی توفیق ملتی ہے، جب وہ خضوع و خشوع کا اظہار کرتا ہے اور خدا کی تسبیح و تمجید کے اعلان کے ساتھ دعا میں مشغول ہوتا ہے۔ اگر بندہ دعا نہیں کرتا ہے تو خدا بھی اس پر نظر کرم نہیں کرتا۔

قُلْ مَا یَعْبَؤُا بِکُمْ رَبِّیْ لَوْلاَ دُعَآؤُکُمْ۔

کہہ دیجئے اگر تمہاری دعا نہ ہوتی تو میرا خدا بھی تمہاری کیا پروا کرتا؟

(سورۂ فرقان، آیت ۷۷)

Presented by www.ziaraat.com

حاجی کو معلوم ہونا چاہیئے کہ عتبات عالیات، مشاہد مشرفہ اور زمانہ حج میں حضرت حق سے اپنی دنیوی و اخروی حاجت طلب کرنے میں اگرچہ کوئی حرج نہیں ہے لیکن اولیائے خدا اور اُس جمال کے شیفتہ کمال الانقطاع تک پہنچنے، نورانیت کے حصول، بصیرت قلوب، معدنِ عظمت تک رسائی، ظلمت کے پردوں کو چیرنے اور اُس کی چوکھٹ پر جبہ سائی کی دعا کرتے ہیں۔

بہن بھائیو! خدا کی توفیق ہے تم حرم امن الٰہی کا قصد کر چکے ہو اور سر زمین وحی کی طرف چل پڑے ہو تو اِس شب زندہ دار کی آواز پر کان دھرو کہ جو اپنی مناجاتِ شعبانیہ میں واہب المواہب کی بارگاہ میں عرض کرتا ہے:

...... اِلٰهِیْ هَبْ لِیْ كَمَالَ الْاِنْقِطَاعِ اِلَیْكَ وَ اَنِرْ اَبْصَارَ قُلُوْبِنَا بِضِیَآءِ نَظَرِهَا اِلَیْكَ حَتّٰی تَخْرِقَ اَبْصَارُ الْقُلُوْبِ حُجُبَ النُّوْرِ فَتَصِلَ اِلٰی مَعْدِنِ الْعَظَمَةِ وَ تَصِیْرَ اَرْوَاحُنَا مُعَلَّقَةً بِعِزِّ قُدْسِكَ......۔

(مفاتیح الجنان، مناجات شعبانیہ)

بارالہا! مجھے کمال کا وہ مرتبہ عطا فرما کہ میں انقطاع کے بلند مقام پر پہنچ جاؤں اور ہمارے قلوب کی آنکھوں کو اپنے دیدار نور سے منور

فرما، یہاں تک کہ دل کی آنکھیں نور کو روکنے والے حجابات کو چیر دیں، اور معدنِ عظمت تک پہنچ جائیں اور ہماری روح تیری قدوسیت سے معلّق ہوجائے۔

اور امام حسینؑ کی اِس دعا کی طرف توجہ کرنی چاہیئے جو کہ آپؑ نے سر زمین عرفات پر بارگاہ خدا میں پڑھی تھی:

اِلٰهِیْ تَرَدُّدِیْ فِی الْآثَارِ یُوْجِبُ بُعْدَ الْمَزَارِ فَاجْمَعْنِیْ عَلَیْكَ بِخِدْمَةٍ تُوْصِلُنِیْ اِلَیْكَ كَیْفَ یُسْتَدَلُّ عَلَیْكَ بِمَا هُوَ فِیْ وُجُوْدِهٖ مُفْتَقِرٌ اِلَیْكَ اَیَكُوْنُ لِغَیْرِكَ مِنَ الظُّهُوْرِ مَا لَیْسَ لَكَ حَتّٰی یَكُوْنَ هُوَ الْمُظْهِرُ لَكَ؟! مَتٰی غِبْتَ حَتّٰی تَحْتَاجَ اِلٰی دَلِیْلٍ یَدُلُّ عَلَیْكَ وَ مَتٰی بَعُدْتَ حَتّٰی تَكُوْنَ الْآثَارُ هِیَ الَّتِیْ تُوْصِلُ اِلَیْكَ عَمِیَتْ عَیْنٌ لَا تَرَاكَ عَلَیْهَا رَقِیْبًا وَ خَسِرَتْ صَفْقَةُ عَبْدٍ لَمْ تَجْعَلْ لَهٗ مِنْ حُبِّكَ نَصِیْبًا اِلٰهِیْ اَمَرْتَ بِالرُّجُوْعِ اِلَی الْآثَارِ فَارْجِعْنِیْ اِلَیْكَ بِكِسْوَةِ الْاَنْوَارِ وَ هِدَایَةِ الْاِسْتِبْصَارِ حَتّٰی اَرْجِعَ اِلَیْكَ مِنْهَا

Presented by www.ziaraat.com

دَخَلْتُ اِلَيْكَ مَصُوْنَ السِّرِّ عَنِ النَّظَرِ اِلَيْهَا وَ مَرْفُوْعَ الْهِمَّةِ عَنِ الْاِعْتِمَادِ عَلَيْهَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

پالنے والے! تیری قدرت وعظمت کے آثار میں میری جستجو تیرے جمال کی زیارت گاہ سے میری دوری کا باعث ہوتی ہے۔ مجھ سے تو ایسی خدمت لے جو مجھے تجھ تک پہنچادے اور کیونکہ تیرے وجود پر اُس چیز سے استدلال نہیں کیا جاسکتا ہے جو کہ اپنے وجود میں تیری محتاج ہے۔ کیا تیرے علاوہ بھی کسی چیز کا وجود وظہور ہے جو تجھ سے الگ ہو اور نتیجہ میں تیرے ظہور کے لئے دلیل بن جائے؟ تو نظروں سے غائب ہی کب تھا جو تیرے ظہور کے لئے دلیل قرار پائے؟ تو دور ہی کب تھا کہ تیرے آثار تیری نزدیکی کے لئے دلیل بن جائیں؟ پھوٹ جائے وہ آنکھ جو تجھے نہیں دیکھتی جبکہ تو ہمیشہ اس کا نگراں اور اس کے ساتھ ہے! اور خسارہ میں رہے وہ بندہ جسے تیرا عشق ومحبت نصیب نہیں ہے! بارالٰہا! تو نے سب کو آثار میں غور وفکر کرنے کا حکم دیا ہے لیکن مجھے اپنے انوار کی تجلیات کی طرف موڑ دے اور مشاہدہ کے ذریعہ میری ہدایت کرتا کہ میں آثار سے گزر کر تجھ تک پہنچ جاؤں،

جیسا کہ میں اپنے درونی اسرار میں ان پر توجّہ کئے بغیر تیری طرف آیا ہوں۔ اے اللہ! میری ہمت کو اتنا بلند کردے کہ آثار و وقوعہ کی ضرورت ہی نہ رہے۔ صرف تجھے دیکھوں اور بس۔ بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔"

خانہ خدا کے محترم زائرو! تمام مراحل ومواقیت ومواقف میں اور اعمال و مناسک میں تمہارے لئے کچھ دعائیں اور اذکار ہیں کہ جنھیں پورے خلوص وتوجہ سے پڑھنا چاہیئے۔ جان لو کہ روحِ حج، روح کا تزکیہ وارتقاء ہے اور یہ مناسکِ حج، دعاؤں، اذکار اور قرآن کی تلاوت پر مداومت واجبات ومستحبات پر عمل اور معنوی ثمرات واسرار باطنی میں غور کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔

مکہ مکرّمہ کے اعمال ومستحبات

١۔ واجب نمازیں مسجد الحرام میں پڑھے۔

٢۔ ذکر خدا میں منہمک رہے۔ اپنے اندر یاد آوری اور آگہی کی قوت کو بیدار رکھے۔

٣۔ قرآن ختم کرے، اُس وقت تک نہیں مرے گا جب تک کہ جنت میں اپنی جگہ نہیں دیکھ لے گا اور رسولؐ کی زیارت نہیں کرلے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

۴۔ خانہ کعبہ کو زیادہ سے زیادہ دیکھے کہ گناہوں کی مغفرت کا باعث ہے۔

۵۔ جہاں تک ہو سکے اپنے والدین اور عزیز و اقارب کی طرف سے مستحبی طواف کرے۔ اور اگر ہو سکے تو سال کے دنوں کی تعداد کے برابر طواف کرے کہ اِس کا بہت زیادہ ثواب ہے۔

۶۔ کچھ آبِ زمزم پیئے۔

۷۔ مستحب ہے کہ اگر ہو سکے تو اُن اعمال کو بجالائے جو بعد میں بیان ہوں گے، کہ اُس کا عظیم ثواب ہے۔

۸۔ طوافِ وداع کرے۔

اعمال و آدابِ حج

عمرۂ تمتّع کے واجبات

عمرۂ تمتّع میں پانچ چیزیں واجب ہیں:

(۱) احرام

(۲) طواف کعبہ

(۳) نماز طواف

(۴) صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنا

(۵) تقصیر، تھوڑے سے بال یا ناخن تراشنا۔

عمرہ تمتع سے متعلق شرعی مسائل، مناسک میں ملاحظہ فرمائیں۔ ادعیہ و اذکار اسی کتاب میں بیان ہوں گے۔

Presented by www.ziaraat.com

عمرہ مفردہ کے واجبات

(۱) احرام

(۲) طواف

(۳) نمازطواف

(۴) صفاومروہ کے درمیان سعی کرنا

(۵) تقصیر،تھوڑے سے بال یا ناخن کاٹنا

(۶) طواف نساء

(۷) نمازطوافِ نساء

عمرۂ مفردہ کے واجبات سے متعلق شرعی مسائل مناسک میں ملاحظہ فرمائیں۔ادعیہ واذکاراسی کتاب میں بیان ہوں گے۔

مکّہ مکرّمہ جانے والے کا میقات

جولوگ حج کا قصدرکھتے ہیں یا بیت اللہ الحرام کے عمرہ کا عزم رکھتے ہیں، انھیں احرام باندھ کر مکہ میں داخل ہونا چاہیئے۔جوجگہیں احرام باندھنے کے لئے

معیّن ہیں انھیں 'میقات' کہتے ہیں۔ چونکہ حاجی مختلف راستوں سے مکہ جاتے ہیں لہٰذا اُن کے میقات بھی مختلف ہیں وہ پانچ میقات کی جگہیں یہ ہیں:

۱۔ جولوگ مدینہ سے مکہ جاتے ہیں اُن کا میقات 'ذوالحلیفہ' مسجد شجرہ ہے۔

۲۔ جولوگ شام سے آتے ہیں اُن کا میقات 'جحفہ' ہے۔

۳۔ جولوگ عراق ونجد سے آتے ہیں ان کا میقات 'وادی عقیق' ہے۔

۴۔ جولوگ طائف سے آتے ہیں ان کا میقات 'قرن المنازل' ہے۔

۵۔ جولوگ یمن سے آتے ہیں ان کا میقات 'یلملم' ہے۔

واجباتِ احرام

مُحرِم ہونے کے لئے تین چیزیں واجب ہیں:

(۱) احرام باندھنا

یعنی ایک کپڑا ارداکی طرح ڈالنا دوسرا لنگی کی طرح لپیٹنا۔

Presented by www.ziaraat.com

(۲) نیت

نیت میں دو چیزوں کو ملحوظ رکھنا چاہیئے۔

الف۔ نیت قربۃً الی اللّٰہ ہو یعنی صرف خدا کی اطاعت کی نیّت سے احرام باندھے۔

ب۔ یہ معین کرے کہ عمرہ کے لئے احرام باندھ رہا ہے یا حج کے لئے، اپنے لئے ہے یا کسی کا نائب ہے۔

(۳) تلبیہ

یعنی مندرجہ ذیل ذکر شریف کو پڑھے:

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ لاَ شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَ النِّعْمَۃَ لَکَ وَ الْمُلْکَ لاَ شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ۔

مستحباتِ احرام

(۱) غسل

احرام باندھنے سے پہلے احرام کی نیت سے غسل کرنا مستحب ہے، بہتر ہے کہ واجب نماز پڑھ کر احرام باندھیں۔

شیخ صدوقؒ فرماتے ہیں: غسلِ احرام کرتے وقت اِس دعا کا پڑھنا مستحب ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لِیْ نُوْرًا وَ طَھُوْرًا وَ حِرْزًا وَ اَمْنًا مِنْ کُلِّ خَوْفٍ وَ شِفَآءً مِنْ کُلِّ دَآءٍ وَ سُقْمٍ اَللّٰھُمَّ طَھِّرْنِیْ وَ طَھِّرْ لِیْ قَلْبِیْ وَ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَ اَجْرِ عَلٰی لِسَانِیْ مَحَبَّتَکَ وَ مِدْحَتَکَ وَ الثَّنَآءَ عَلَیْکَ فَاِنَّہٗ لاَ قُوَّۃَ لِیْ اِلاَّ بِکَ وَ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ قِوَامَ دِیْنِیْ التَّسْلِیْمُ لِاَمْرِکَ وَ الْاِتِّبَاعُ لِسُنَّۃِ نَبِیِّکَ صَلَوَاتُکَ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ۔

(من لا یحضرہ الفقیہ ج۲، ص۷ ۵۲ چاپ جامعہ مدرسین قم)

Presented by www.ziaraat.com

اس کے بعد احرام باندھ لیں اور یہ دعا پڑھیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ رَزَقَنِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَ اُؤَدِّیْ فِیْهِ فَرْضِیْ وَ اَعْبُدُ فِیْهِ رَبِّیْ وَ اَنْتَهِیْ فِیْهِ اِلٰی مَا اَمَرَنِیْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ قَصَدْتُهٗ فَبَلَّغَنِیْ وَ اَرَدْتُهٗ فَاَعَانَنِیْ وَ قَبِلَنِیْ وَ لَمْ یَقْطَعْ بِیْ وَ وَجْهَهٗ اَرَدْتُ فَسَلَّمَنِیْ فَهُوَ حِصْنِیْ وَ کَهْفِیْ وَ حِرْزِیْ وَ ظَهْرِیْ وَ مَلَاذِیْ وَ رَجَآئِیْ وَ مَنْجَایَ وَ ذُخْرِیْ وَ عُدَّتِیْ فِیْ شِدَّتِیْ وَ رَخَآئِیْ۔

(من لا یحضرو الفقیه ج۲،ص۵۲۷)

واجب تلبیہ کے بعد مستحب ہے کہ کہے:

لَبَّیْکَ ذَا الْمَعَارِجِ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ دَاعِیًا اِلٰی دَارِ السَّلَامِ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ غَفَّارَ الذُّنُوْبِ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ اَهْلَ التَّلْبِیَةِ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ تُبْدِئُ وَ الْمُعَادُ اِلَیْکَ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ تَسْتَغْنِیْ وَ یُفْتَقَرُ اِلَیْکَ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ

مَرْهُوْبًا وَ مَرْغُوْبًا اِلَیْکَ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ اِلٰهَ الْحَقِّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ ذَا النَّعْمَآءِ وَ الْفَضْلِ الْحَسَنِ الْجَمِیْلِ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ کَشَّافَ الْکُرَبِ الْعِظَامِ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ عَبْدُکَ وَ ابْنُ عَبْدَیْکَ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ یَا کَرِیْمُ لَبَّیْکَ۔

بہتر ہے یہ جملے بھی کہے:

لَبَّیْکَ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ بِمُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ بِحَجَّةٍ وَ عُمْرَةٍ لَبَّیْکَ وَ هٰذِهٖ عُمْرَةُ مُتْعَةٍ اِلَی الْحَجِّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ اَهْلَ التَّلْبِیَةِ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ تَلْبِیَةً تَمَامُهَا وَ بَلَاغُهَا عَلَیْکَ۔

محرّماتِ احرام

احرام باندھنے کے بعد حاجی پر چوبیس چیزیں حرام ہو جاتی ہیں:

۱۔ صحرائی جانوروں کا شکار کرنا۔

Presented by www.ziaraat.com

۲۔ عورت سے جماع کرنا، بوسہ لینا، شہوت کی نگاہ سے دیکھنا بلکہ ہر قسم کی لذّت حاصل کرنا۔

۳۔ اپنے لئے یا دوسرے کے لئے عورت کا عقد کرنا۔

۴۔ استمنا یعنی منی نکالنا۔

۵۔ عطر اور خوشبو کا استعمال کرنا۔

۶۔ سلا ہوا لباس پہننا۔

۷۔ ایسا سیاہ سرمہ لگانا جس سے زینت ہوتی ہو۔

۸۔ آئینہ دیکھنا۔

۹۔ ایسا جوتا پہننا کہ جس سے پاؤں کا پورا ظاہری حصّہ چھپ جائے۔

۱۰۔ فسوق — جھوٹ بولنا، گالی دینا یا فخر و مباہات کرنا۔

۱۱۔ جدال — لا واللہ وبلیٰ واللہ، اللہ کے نام کی قسم کھانا۔

۱۲۔ بدن میں رہنے والے جانوروں کو مارنا۔

۱۳۔ زینت کے لئے انگوٹھی پہننا۔

۱۴۔ عورت کے لئے زیور پہننا۔

۱۵۔ بدن پر تیل کی مالش کرنا۔

۱۶۔ اپنے یا کسی دوسرے کے بال کاٹنا، خواہ مُحرِم ہو یا مُحل۔

۱۷۔ مرد کا کسی بھی چیز سے پورا سر چھپانا۔

۱۸۔ عورتوں کا پورا چہرہ چھپانا۔

۱۹۔ مردوں کے لئے سایہ میں چلنا۔

۲۰۔ بدن سے خون نکالنا۔

۲۱۔ ناخن کاٹنا۔

۲۲۔ دانت اکھاڑنا۔

۲۳۔ حرم سے درخت یا گھاس وغیرہ اکھاڑنا۔

۲۴۔ اسلحہ اٹھانا۔

حرم میں داخل ہونے کے مستحبات

۱۔ غسل کرنا۔

۲۔ ننگے پیروں متانت و وقار کے ساتھ چلنا۔

Presented by www.ziaraat.com

۳۔ باب بنی شیبہ سے داخل ہونا۔ آجکل یہ باب السلام کے مقابل ہے۔ مستحب ہے کہ مسجد الحرام کے دروازہ پر کھڑے ہو کر یہ کہے:

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ مِنَ اللّٰهِ وَ مَا شَآءَ اللّٰهُ اَلسَّلاَمُ عَلٰى اَنْبِيَآءِ اللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ اَلسَّلاَمُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

دوسری روایت میں وارد ہوا ہے کہ مسجد کے دروازہ کے پاس کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ مِنَ اللّٰهِ وَ اِلَى اللّٰهِ وَ مَا شَآءَ اللّٰهُ وَ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَ خَيْرُ الْاَسْمَآءِ لِلّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ السَّلاَمُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلاَمُ عَلٰى اَنْبِيَآءِ اللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ اَلسَّلاَمُ عَلٰى خَلِيْلِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ اَلسَّلاَمُ عَلَى

الْمُرْسَلِيْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلاَمُ عَلَيْنَا وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَ ارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّ آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَ بَارَكْتَ وَ تَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ وَ عَلٰى اَنْبِيَآئِكَ وَ رُسُلِكَ وَ سَلِّمْ عَلَيْهِمْ وَ سَلاَمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَ اسْتَعْمِلْنِيْ فِيْ طَاعَتِكَ وَ مَرْضَاتِكَ وَ احْفَظْنِيْ بِحِفْظِ الْاِيْمَانِ اَبَدًا مَّا اَبْقَيْتَنِيْ جَلَّ ثَنَآءُ وَجْهِكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَنِيْ مِنْ وَفْدِهٖ وَ زُوَّارِهٖ وَ جَعَلَنِيْ مِمَّنْ يَّعْمُرُ مَسَاجِدَهٗ وَ جَعَلَنِيْ مِمَّنْ يُنَاجِيْهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَ زَآئِرُكَ فِيْ بَيْتِكَ وَ عَلٰى كُلِّ

Presented by www.ziaraat.com

مَاْتِيّ حَقٌّ لِمَنْ اَتٰيهُ وَ زَارَهٗ وَ اَنْتَ خَيْرُ مَاْتِيٍّ وَ اَكْرَمُ
مَزُوْرٍ فَاَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ
اَنْتَ وَحْدَكَ لاَ شَرِيْكَ لَكَ بِاَنَّكَ وَاحِدٌ اَحَدٌ صَمَدٌ لَمْ
تَلِدْ وَ لَمْ تُوْلَدْ وَ لَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُكَ وَ رَسُوْلُكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ يَا
جَوَادُ يَا كَرِيْمُ يَا مَاجِدُ يَا جَبَّارُ يَا كَرِيْمُ اَسْئَلُكَ اَنْ
تَجْعَلَ تُحْفَتَكَ اِيَّاىَ بِزِيَارَتِىْ اِيَّاكَ اَوَّلَ شَىْءٍ تُعْطِيْنِىْ
فَكَاكَ رَقَبَتِىْ مِنَ النَّارِ۔

اس کے بعد تین بار کہے:

اَللّٰهُمَّ فُكَّ رَقَبَتِىْ مِنَ النَّارِ۔

سلسلہ جاری رکھتے ہوئے کہے:

وَ اَوْسِعْ عَلَىَّ مِنْ رِزْقِكَ الْحَلاَلِ الطَّيِّبِ وَ ادْرَءْ عَنِّىْ شَرَّ
شَيَاطِيْنِ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ شَرَّ فَسَقَةِ الْعَرَبِ وَ الْعَجَمِ۔

پھر مسجد الحرام میں داخل ہوکر کعبہ کی طرف ہاتھ بلند کر کے اس طرح کہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ فِىْ مَقَامِىْ هٰذَا وَ فِىْ اَوَّلِ مَنَاسِكِىْ اَنْ
تَقْبَلَ تَوْبَتِىْ وَ اَنْ تَتَجَاوَزَ عَنْ خَطِيْئَتِىْ وَ اَنْ تَضَعَ عَنِّىْ
وِزْرِىْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ بَلَّغَنِىْ بَيْتَهُ الْحَرَامَ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ
اَشْهَدُ اَنَّ هٰذَا بَيْتُكَ الْحَرَامُ الَّذِىْ جَعَلْتَهٗ مَثَابَةً لِلنَّاسِ وَ
اَمْنًا مُبَارَكًا وَ هُدًى لِلْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ عَبْدُكَ وَ الْبَلَدَ
بَلَدُكَ وَ الْبَيْتَ بَيْتُكَ جِئْتُ اَطْلُبُ رَحْمَتَكَ وَ اَؤُمُّ
طَاعَتَكَ مُطِيْعًا لِاَمْرِكَ رَاضِيًا بِقَدَرِكَ اَسْئَلُكَ مَسْاَلَةَ
الْفَقِيْرِ اِلَيْكَ الْخَائِفِ لِعُقُوْبَتِكَ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِىْ اَبْوَابَ
رَحْمَتِكَ وَ اسْتَعْمِلْنِىْ بِطَاعَتِكَ وَ مَرْضَاتِكَ۔

پھر کعبہ کو مخاطب کرے اس طرح کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ عَظَّمَكِ وَ شَرَّفَكِ وَ كَرَّمَكِ وَ جَعَلَكِ

Presented by www.ziaraat.com

مَثَابَةً لِلنَّاسِ وَ اَمْنًا مُبَارَكًا وَ هُدًى لِلْعَالَمِيْنَ۔

اور جب حجر اسود کے مقابل پہنچے تو کہے:

اَشْهَدُ اَنْ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاَ شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَ كَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَ الطَّاغُوْتِ وَ اللاَّتِ وَ الْعُزّٰى وَ بِعِبَادَةِ الشَّيْطَانِ وَ بِعِبَادَةِ كُلِّ نِدٍّ يُدْعٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ۔

امام صادق علیہ السلام نے ابوبصیر سے فرمایا:

مسجد میں داخل ہو کر آگے بڑھتے رہو یہاں تک کہ حجر اسود کے مقابل پہنچ جاؤ اور اُس کی طرف رخ کر کے یہ دعا پڑھو:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدَانَا لِهٰذَا وَ مَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلاَ اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِهٖ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ مِمَّا اَخْشٰى وَ اَحْذَرُ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاَ شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ

الْحَمْدُ يُحْيِیْ وَ يُمِيْتُ وَ يُمِيْتُ وَ يُحْيِیْ وَ هُوَ حَیٌّ لاَ يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ كَاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ وَ بَارَكْتَ وَ تَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ وَ سَلاَمٌ عَلٰى جَمِيْعِ النَّبِيِّيْنَ وَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُؤْمِنُ بِوَعْدِكَ وَ اُصَدِّقُ رُسُلَكَ وَ اَتَّبِعُ كِتَابَكَ۔

معتبر روایت میں وارد ہوا ہے کہ جب حجر اسود کے قریب پہنچے تو اپنے ہاتھوں کو بلند کر کے خدا کی حمد و ثناء بجالائے، محمدؐ و آل محمدؑ پر درود بھیجے اور خدا سے حج کی مقبولیت کی دعا کرے اِس کے بعد حجر الاسود کو بوسہ دے اور اگر بوسہ نہ دے سکے تو لمس کرے اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو اُس کی طرف اشارہ کر کے کہے:

اَللّٰهُمَّ اَمَانَتِیْ اَدَّيْتُهَا وَ مِيْثَاقِیْ تَعَاهَدْتُهٗ لِتَشْهَدَ لِیْ بِالْمُوَافَاةِ اَللّٰهُمَّ تَصْدِيْقًا بِكِتَابِكَ وَ عَلٰى سُنَّةِ نَبِيِّكَ

Presented by www.ziaraat.com

صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ اَشْهَدُ اَنْ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاَ شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَ كَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَ الطَّاغُوْتِ وَ اللاَّتِ وَ الْعُزّٰى وَ عِبَادَةِ الشَّيْطَانِ وَ عِبَادَةِ كُلِّ نِدٍّ يُدْعٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ۔

اگر پوری دعا نہ پڑھ سکے تو جتنی ممکن ہو پڑھے اور کہے:

اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ بَسَطْتُ يَدِىْ وَ فِيْمَا عِنْدَكَ عَظُمَتْ رَغْبَتِىْ فَاقْبَلْ سُبْحَتِىْ وَ اغْفِرْ لِىْ وَ ارْحَمْنِىْ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَ الْفَقْرِ وَ مَوَاقِفِ الْخِزْىِ فِى الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ۔

مستحبات طواف

مستحب ہے کہ حاجی مکمل خلوص اور خدا پر توجہ کے ساتھ ہر چکر میں آہستہ آہستہ خدا سے راز و نیاز کا سلسلہ جاری رکھے اور دیگر اذکار کے ساتھ ان دعاؤں

کو پڑھے:

امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں:

طواف کی حالت میں اِن دعاؤں کو پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ يُمْشٰى بِهٖ عَلٰى طَلَلِ الْمَآءِ كَمَا يُمْشٰى بِهٖ عَلٰى جُدَدِ الْاَرْضِ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ يَهْتَزُّ لَهٗ عَرْشُكَ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ تَهْتَزُّ لَهٗ اَقْدَامُ مَلآئِكَتِكَ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ دَعَاكَ بِهٖ مُوْسٰى مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ فَاسْتَجَبْتَ لَهٗ وَ اَلْقَيْتَ عَلَيْهِ مَحَبَّةً مِّنْكَ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ غَفَرْتَ بِهٖ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَ مَا تَاَخَّرَ وَ اَتْمَمْتَ عَلَيْهِ نِعْمَتَكَ اَنْ تَفْعَلَ بِىْ كَذَا وَ كَذَا۔

اور 'کذا و کذا' کی جگہ اپنی حاجت طلب کرے اور اُس کے بعد اِس طرح کہے:

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اِلَیْكَ فَقِیْرٌ وَ اِنِّیْ خَآئِفٌ مُسْتَجِیْرٌ فَلاَ تُغَیِّرْ جِسْمِیْ وَ لاَ تُبَدِّلْ اِسْمِیْ۔

امام صادق علیہ السلام نے فرمایا:

رکن وحجر کے درمیان یہ کلمات زبان پر جاری کرے۔

رَبَّنَا آتِنَا فِیْ الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِیْ الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

اور درِ کعبہ کے مقابل اس طرح کہے:

سَائِلُكَ فَقِیْرُكَ مِسْكِیْنُكَ بِبَابِكَ فَتَصَدَّقْ عَلَیْهِ بِالْجَنَّةِ اَللّٰهُمَّ الْبَیْتُ بَیْتُكَ وَ الْحَرَمُ حَرَمُكَ وَ الْعَبْدُ عَبْدُكَ وَ هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ الْمُسْتَجِیْرِ بِكَ مِنَ النَّارِ فَاعْتِقْنِیْ وَ وَالِدَیَّ وَ اَهْلِیْ وَ وُلْدِیْ وَ اِخْوَانِیَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنَ النَّارِ یَا جَوَادُ یَا كَرِیْمُ۔

اور جب مقام ابراہیم کے بالمقابل پہنچو تو درج ذیل کلمات پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ وَ وَسِّعْ عَلَیَّ مِنَ الرِّزْقِ الْحَلاَلِ وَ ادْرَأْ عَنِّیْ شَرَّ فَسَقَةِ الْعَرَبِ وَ الْعَجَمِ وَ فَسَقَةِ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ۔

امام زین العابدین علیہ السلام طواف کی حالت میں پرنالہ — میزاب — کو دیکھتے اور فرماتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْنِیْ الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ وَ اَجِرْنِیْ بِرَحْمَتِكَ مِنَ النَّارِ وَ عَافِنِیْ مِنَ السُّقْمِ وَ اَوْسِعْ عَلَیَّ مِنَ الرِّزْقِ الْحَلاَلِ وَ ادْرَءْ عَنِّیْ شَرَّ فَسَقَةِ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ شَرَّ فَسَقَةِ الْعَرَبِ وَ الْعَجَمِ۔

اشواطِ طواف کی دعا

طواف کرنے والا طواف کے چکروں میں شک سے بچنے کے لئے وارد ہونے والی دعاؤں میں سے کسی کو تقسیم کرسکتا ہے اور طواف کے ہر چکّر میں اُس کا ایک حصّہ بقصد رجاء پڑھ سکتا ہے اور اگر تکرار ہو جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

پہلے چکّر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ یُمْشٰی بِهٖ عَلٰی طَلَلِ الْمَآءِ كَمَا یُمْشٰی بِهٖ عَلٰی جُدَدِ الْاَرْضِ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ یَهْتَزُّ لَهٗ عَرْشُكَ وَ اَسْئَلُكَ الَّذِیْ تَهْتَزُّ لَهٗ اَقْدَامُ مَلٰٓئِكَتِكَ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ دَعَاكَ بِهٖ مُوْسٰی مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ فَاسْتَجَبْتَ لَهٗ وَ اَلْقَیْتَ عَلَیْهِ مَحَبَّةً مِّنْكَ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ غَفَرْتَ بِهٖ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَ مَا تَاَخَّرَ وَ اَتْمَمْتَ عَلَیْهِ نِعْمَتَكَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ خَیْرَ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ......

اور اپنی حاجت طلب کرے۔

دوسرے چکّر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اِلَیْكَ فَقِیْرٌ وَ اِنِّیْ خَآئِفٌ مُّسْتَجِیْرٌ فَلَا تُغَیِّرْ

جِسْمِیْ وَ لَا تُبَدِّلْ اِسْمِیْ۔

پھر کہے:

سَآئِلُكَ فَقِیْرُكَ مِسْكِیْنُكَ بِبَابِكَ فَتَصَدَّقْ عَلَیْهِ بِالْجَنَّةِ اَللّٰهُمَّ الْبَیْتُ بَیْتُكَ وَ الْحَرَمُ حَرَمُكَ وَ الْعَبْدُ عَبْدُكَ وَ هٰذَا مَقَامُ الْعَآئِذِ بِكَ الْمُسْتَجِیْرُ بِكَ مِنَ النَّارِ فَاَعْتِقْنِیْ وَ وَالِدَیَّ وَ اَهْلِیْ وَ وُلْدِیْ وَ اِخْوَانِیَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنَ النَّارِ یَا جَوَادُ یَا كَرِیْمُ۔

تیسرے چکّر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْنِیَ الْجَنَّةَ وَ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِكَ وَ عَافِنِیْ مِنَ السُّقْمِ وَ اَوْسِعْ عَلَیَّ مِنَ الرِّزْقِ الْحَلَالِ وَادْرَءْ عَنِّیْ شَرَّ فَسَقَةِ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ شَرَّ فَسَقَةِ الْعَرَبِ وَ الْعَجَمِ یَا ذَا الْمَنِّ وَ الطَّوْلِ یَا ذَا الْجُوْدِ وَ الْكَرَمِ اِنَّ

Presented by www.ziaraat.com

عَمَلِیْ ضَعِیْفٌ فَضَاعِفْہُ لِیْ وَ تَقَبَّلْہُ مِنِّیْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

چوتھے چکر کی دعا

یَا اَللّٰہُ یَا وَلِیَّ الْعَافِیَۃِ وَ خَالِقَ الْعَافِیَۃِ وَ رَازِقَ الْعَافِیَۃِ وَ الْمُنْعِمُ بِالْعَافِیَۃِ وَ الْمُتَفَضِّلُ بِالْعَافِیَۃِ عَلَیَّ وَ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِكَ یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَ الْآخِرَۃِ وَ رَحِیْمَھُمَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَ ارْزُقْنَا الْعَافِیَۃَ وَ تَمَامَ الْعَافِیَۃِ وَ شُكْرَ الْعَافِیَۃِ فِی الدُّنْیَا وَ الْآخِرَۃِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

پانچویں چکّر کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ شَرَّفَكِ وَ عَظَّمَكِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بَعَثَ مُحَمَّدًا نَبِیًّا وَ جَعَلَ عَلِیًّا اِمَامًا اَللّٰھُمَّ اھْدِ لَہٗ خِیَارَ خَلْقِكَ وَ جَنِّبْہُ شِرَارَ خَلْقِكَ۔

پھر پڑھے۔

رَبَّنَا آتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْآخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

چھٹے چکّر کی دعا

اَللّٰھُمَّ الْبَیْتُ بَیْتُكَ وَ الْعَبْدُ عَبْدُكَ وَ ھٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ اَللّٰھُمَّ مِنْ قِبَلِكَ الرَّوْحُ وَ الْفَرَجُ وَ الْعَافِیَۃُ اَللّٰھُمَّ اِنَّ عَمَلِیْ ضَعِیْفٌ فَضَاعِفْہُ لِیْ وَ اغْفِرْ لِیْ مَا اطَّلَعْتَ عَلَیْہِ مِنِّیْ وَ خَفِیَ عَلٰی خَلْقِكَ اَسْتَجِیْرُ بِاللّٰہِ مِنَ النَّارِ۔

ساتویں چکّر کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّ عِنْدِیْ اَفْوَاجًا مِنْ ذُنُوْبٍ وَ اَفْوَاجًا مِنْ خَطَایَا وَ عِنْدَكَ اَفْوَاجٌ مِنْ رَحْمَۃٍ وَ اَفْوَاجٌ مِنْ مَغْفِرَۃٍ یَا مَنِ اسْتَجَابَ لِاَبْغَضِ خَلْقِہٖ اِذْ قَالَ اَنْظِرْنِیْ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ

Presented by www.ziaraat.com

اِسۡتَجِبۡ لِیۡ۔

پھر اپنی حاجت طلب کرے اور کہے:

اَللّٰھُمَّ قَنِّعۡنِیۡ بِمَا رَزَقۡتَنِیۡ وَ بَارِكۡ لِیۡ فِیۡمَا آتَیۡتَنِیۡ۔

نمازِ طواف کے مستحبات

نماز طواف میں مستحب ہے کہ پہلی رکعت میں سورۃ حمد کے بعد سورۃ توحید اور دوسری رکعت میں سورۃ حمد کے بعد سورہ کافرون پڑھے اور نماز کے بعد خدا کی حمد و ثنا بجالائے اور محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجے، اُس کی قبولیت کی خدا سے دعا کرے اور اس طرح کہے:

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلۡ مِنِّیۡ وَ لاَ تَجۡعَلۡهُ آخِرَ الۡعَهۡدِ مِنِّیۡ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ بِمَحَامِدِهٖ كُلِّهَا عَلٰی نَعۡمَآئِهٖ كُلِّهَا حَتّٰی یَنۡتَهِیَ الۡحَمۡدُ اِلٰی مَا یُحِبُّ وَ یَرۡضٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ تَقَبَّلۡ مِنِّیۡ وَ طَهِّرۡ قَلۡبِیۡ وَ زَكِّ عَمَلِیۡ۔

دوسری روایت میں:

اَللّٰھُمَّ ارۡحَمۡنِیۡ بِطَاعَتِیۡ اِیَّاكَ وَ طَاعَةِ رَسُوۡلِكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَ آلِهٖ وَ سَلَّمَ اَللّٰھُمَّ جَنِّبۡنِیۡ اَنۡ اَتَعَدّٰی حُدُوۡدَكَ وَ اجۡعَلۡنِیۡ مِمَّنۡ یُحِبُّكَ وَ یُحِبُّ رَسُوۡلَكَ وَ مَلآئِكَتَكَ وَ عِبَادَكَ الصَّالِحِیۡنَ۔

بعض روایات میں ہے کہ امام صادق علیہ السلام نمازِ طواف کے بعد سجدہ میں جاتے اور اس طرح کہتے تھے:

سَجَدَ لَكَ وَجۡهِیۡ تَعَبُّدًا وَّ رِقًّا لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اَنۡتَ حَقًّا حَقًّا اَلاَوَّلُ قَبۡلَ كُلِّ شَیۡءٍ وَ الۡآخِرُ بَعۡدَ كُلِّ شَیۡءٍ وَ هَا اَنَا ذَا بَیۡنَ یَدَیۡكَ نَاصِیَتِیۡ بِیَدِكَ فَاغۡفِرۡ لِیۡ اِنَّهٗ لاَ یَغۡفِرُ الذَّنۡبَ الۡعَظِیۡمَ غَیۡرُكَ فَاغۡفِرۡ لِیۡ فَاِنِّیۡ مُقِرٌّ بِذُنُوۡبِیۡ عَلٰی نَفۡسِیۡ وَ لاَ یَدۡفَعُ الذَّنۡبَ الۡعَظِیۡمَ غَیۡرُكَ۔

سجدہ کے بعد گریہ سے آپؑ کا چہرہ آنسوؤں میں اس طرح بھیگ جاتا تھا کہ جیسے پانی میں ڈوبا ہو۔

Presented by www.ziaraat.com

سعی کے مستحبات

نمازطواف پڑھنے کے بعد اورسعی سے پہلے چاہ زمزم کے پاس جانا، کچھ آبِ زمزم پینا اوراپنے سروسینہ اورپشت پرڈالنا اوریہ دعاپڑھنامستحب ہے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ عِلْمًا نَافِعًا وَ رِزْقًا وَاسِعًا وَ شِفَآءً مِنْ كُلِّ دَآءٍ وَ سُقْمٍ۔

اس کے بعد حجراسود کے پاس جائے، مستحب ہے کہ جو درحجراسود کے مقابل ہے، اُس سے صفا کی طرف رخ کرکے اطمینان قلب اور بدن کے آرام کے ساتھ صفا پر جائے، کعبہ کی طرف نگاہ کرے اور جس رکن میں حجراسود ہے اُس کی سمت متوجہ ہوکر خدا کی حمد وثناء بجالائے اور خدا کی نعمتوں کو یاد کرتے ہوئے سات سات مرتبہ اس طرح کہے:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

پھرتین مرتبہ کہے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اس کے بعد محمد وآل محمدؐ پر درود بھیجے اور تین مرتبہ کہے:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ عَلٰى مَا هَدَانَا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا اَبْلَانَا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الْحَيِّ الدَّآئِمِ۔

پھرتین مرتبہ کہے:

